وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ
بللہ الحمد کہ کتاب مستطاب مسمّٰی بہ معانیِ نظمِ قرآن شایانِ حفظِ اہلِ ایمان ہے
باہتمام حکیم خادمِ فرقان مرشد اہلِ ایمان عالیجناب مولانا محمد جمال الدین خان بہادر دام اللہ المنان
فی المطبع الفاروقی الواقع فی الدہلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان اللہ وبحمدہ کیا بڑی شان ہے اوس شہنشاہ بی پروا کی کہ کلام صفت خاص کو اپنی
بندۂ باختصاص پر نازل کیا اور شاہد معانی قدیمہ کو بیچ لباس الفاظ کے جلوہ گر فرمایا
عقل کل بیچ ادراک جلال ذات اوسکے کے حیران ہے اور انسان کامل اوسکی ثنا ر کمال
صفات مین قائل لا احصی بیان ٭ مثنوی ٭ الٰہی تو شہنشاہ جہان ہے ٭

ستایش تیری فخر سروران ہے ۔ اویم خاک سی عرش برین تک ۔ ترا ہی ذکر ورد ہر زبان ہے
فرشتے ساری ہین تسبیح گویان ۔ ثنا تیری صدا ے انس و جان ہے ۔ مگر ہین عجز و نادانی کی قائل
اور لا احصی بیان سبکا بیان ہے ۔ نہین طاقت ہی اِس شوریدہ سر مین ۔ ثنا تیری لکہی ایسا کہان ہے
ہی دعوی آخری الحمد للہ ۔ کہ یہہ تو مبدا ام القران ہے ۔ نہین بہتر ہی اس سے لفظ کوئی
کہ اسکو مین کہون یہ پر عیان ہے ٭ اور کیا مبارک ذات ہی اوس رسول عالیجاہ کی کہ واسطہ وصول
نعمت عظمی کے ہین اور وسیلہ حصول شفاعت متمنے کی خلق انکا قرآن عظیم ہے
اور صفت انکی رؤف الرحیم ٭ مثنوی ریختہ ٭ محمد سرور ہر دو جہان ہے

محمد دلبر کون و مکان ہے ۔ زمین و آسمان سب ہین طفیلے ۔ وہی مقصود اصلی ہگیان ہے
ظہور انکا اگرچہ بعد سبکے ۔ ہوا لیکن وہ اصل دو جہان ہے ۔ لکہا ہی سورۂ نون و قلم مین

کہ تیرا وصف تو خلق کلان ہے ‌ بین اوصاف اونکی حد لاتناہی ‌ یہہ شمہ وصف سی اونکی بیان ہے
صلوۃ اللہ علی ختم الرسالۃ ‌ محمد نام جسکا جان ستان ہے ‌ اور جو ہین آل اور صحاب انکی
سلام اونپر بھی میرا ایک زبان ہے ‌ اما بعد کہتا ہی سلیم الفطرت عدیم الخبرت وزیر علی
ابن منور علی مشہور بہ محمد سلیم عاملہما اللہ بلطفہ العمیم کہ جسوقت سی منعم حقیقی اور محسن تحقیقی
جلت آلائہ وعمت نعمائہ نی اس احقر محض اور افقر بحت کو نعمت علم اور صنعت
حفظ سی سرفراز فرمایا چاہتا تھا کہ اسکے شکریہ مین کوئی تفسیر عربی اور ترجمہ عجمی لکھے مگر
چونکہ علماء سلف اور فضلاء خلف اس سعادت عظمی کو بوجہ اتم حرز کر چکے تھے عزم مصمم
نکر سکتا تھا مگر قلب مطمئن سی ہمیشہ فتوی چاہتا تھا بعد اصرار بسیار کی نفس ملہم نی یون
صلاح دی کہ تمامی لغات قرآن مجید اور فرقان حمید کی استنباط کرکے بطور فرہنگ کے
مبوب اور مفصل لکھہ کہ اس جزو زمان مین کسی نی اسطرح کی نہین لکھی ہے الا ما شاء اللہ
راقم سطور نی اسکو الہام غیبی اور القاء لاریبی سمجھکر فوراً عنان شبدیز قلم چیت اوٹھا لیا
اور میدان کاغذ مین جولان دیا آخر بعد ریاضت جلیلہ کے بیچ مدت قلیلہ کے باحسن وجوہ
تمام کیا اور اسکا نام تیسیر القرآن وتسہیل الفرقان رکھا اور سبب اردو زبان مین
لکھنے کا یہہ ہے کہ اس زبان مین سکان ہند کو نفع عام ہے اور عربی اخص اور فارسی
خاص سوای اسکی مقصود اس تصنیف سی اجر اخروی ہے نہ فخر دنیوی اسیواسطے عبارت
آرائی اور دقت پیرائی کہ فخر اظہار علم اور فضل سے ہے اس کتاب مین یک قلم ترک کے
اور فرہنگ دوسری واسطی اہل علمون کی بیچ زبان فارسی کے متضمن تحقیقات لغات اور
تدقیقات صرف ونحو اور بیان اور بدیع کی ہے لکھی تاکہ ہر شخص اپنی استعداد کے
موافق فائدہ لیوے اور مصنف کو دعای خیر سے یاد کرے اب امید ناظرین اس رسالہ
اور باصرین اس عجالہ سے یہہ ہے کہ اگر کوئی لغت بسبب خیرگی نظر یا اقتضای
بشریت کے رہ گیا ہو تو اوسکو اوسکے باب مین لکھ لین اور زبان طعن وتشنیع کی

اس بی بضاعت پر نکھولین کہ انسان کی ذات مین خطا اور نسیان ہی اور انتخاب لغات کا
نکالنا موتیون کا ہے دریای زخاری صاحب کو کب دُرّی سی باوجود ایسی سعی کی بہت سے
الفاظ رہ گئی سورۂ طٰہٰ مین لفظ تَہٗنیا رہگیا اور سورۂ حجرات مین فَاءَتۡ چھوٹ گیا علیٰ ہذا
القیاس باوجودیکہ یہہ دو لفظ تمام قرآن مین ایک ہی جگہہ وارد ہین یہہ مقتضای بشریت
ہے جگہہ طعن و طنز کی نہین بلکہ طاعن جاہل ہے اور حقیقت بشری سی غافل اور
ساعی اسکی ترویج مین رہین اَلدَّالُّ عَلَی الۡخَیۡرِ کَفَاعِلِہٖ **مقدمہ** خدمتمین ناظرین
اس کتاب کی التماس یہہ ہے کہ پیش از شروع اس کتاب کی چند چیزین ضرور
محفوظ رکھین **اول** یہ کہ ترتیب اس کتاب عجیب کی موافق حروف **ابتث** کے
اور اٹھائیس باب کے اور ہر باب او پر اٹھائیس فصل کے باعتبار حروف ثانی کے
مرتب ہی نکالنا جس لغت قرآنی کا منظور ہو پہلا اور دوسرا حرف اوس لفظ کا دیکھکر
اوسکے باب اور فصل سی نکالین مثلاً لفظ اللہ جل شانہ کو باب الالف مع اللام مین
دیکھین بفضلہ تعالیٰ فوراً المقدمراد ہاتہ آئیگا اور بعضے باب خالی لکھدیے گئے سبب
اوسکا یہ ہے کہ اوس باب و فصل کی لغت قرآن مجید مین نہین ہے **دوسرے**
یہ کہ پہلے حرف مین اعتبار کتابت کا ہے اور دوسرے مین لحاظ قرأت کا مثلاً لفظ
(آنس) کا کہ اوسکا دوسرا الف لکھنے مین نہین آتا ہے مگر پڑہنے مین آتا ہی اسیواسطے
اوسکو باب الالف مع الالف مین مندرج کیا نہ باب الالف مع النون این جیسا دوسرے
کتابون مین لغت کی ہے **تیسرے** یہ کہ اس کتاب مین ضبط تمامی لغات صحیحہ مختلفۃ اللفظ
والمعنے کا ہے اور جسکی بیچ یا آخر مین بسبب عامل یا اضافت کی تغیر یا حذف ہوا ہے تو
اوسکو بعد لانی اصل لغت صحیح کے مینے ذکر نہین کیا مثلاً (یقیمون و مقیمون) ساتہ واو
اور نون کے باب الیاء والمیم مع القاف مین مذکور ہے اور (یقیموا اور مقیمی) ساتہ حذف
نون اور تغیر واو کے اگرچہ قرآن مجید مین وارد ہے مگر ذکر نہین کیا گیا اسواسطے کہ اصل لغت

اول مذکور ہو چکے متغیر کو بار دیگر لانا صرف تکرار ہی باوجودیکہ اصل معنی مین کچھ فرق نہین ہوا
سوا اسکے کہ تغیر اور حذف بسبب عامل یا اضافت کی ہوا ہے سو دونون کا ذکر خلاف قانون
عقل اور نقل کی ہے اور مَعْمُوْل مِنْ حَيْثُ الْمَعْمُوْل کا لانا بدون عامل وغیرہ کے مخالف
عقل اور نقل کے مگر جسجگہہ اصل لغت صحیح سالم اوس باب کی قرآن مین نہ تہی تو اوسجگہہ لاچار ہو کر
اوسی لفظ کو لکہا مینے اگر چاہے تو اوسکے عامل کو اوسکے باب سی دریافت کرکے معنے مربوط کرے اور
حیرت کو قرین گوشۂ خاطر کے راہ نہ دی اور مثلاً اسم فاعل کی جمع مذکر سالم کے صیغے حالت رفعی
مین واو اور نون کے ساتہ آتی ہین جسطرح هُمُ الظَّالِمُوْنَ اور حالت نصبی اور جری
مین یٓ اور نون کے ساتہ آتے ہین جیسا کہ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِيْنَ
وَمَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ہ بسبب عامل کے صرف لفظ مین تغیر آیا نہ کہ معنی مین
پس صیغۂ مذکور کو واو اور نون کے ساتہ لکہا اور یا اور نون کے ساتہ مندرج نہ کیا
اور باقی صیغون کو اسی پر قیاس کرلینا چوتہے یہہ کہ ہر لغت کے بعد اوسکے معنے جو
مراد قرآنی ہین حقیقے ہون یا مجازی لازم اردو عام فہم مین لکہا مینے اور معانی
مختلف اور ماخذ اشتقاق کا ذکر نہین کیا کہ مناسب وضع اس کتاب کی نہتا ذکر ان چیزونکا
فرہنگ فارسی مین بوجہ احسن ہے مَنْ شَاءَ فَلْيَنْظُرْ ثَمَّہ پانچوین یہہ کہ طالب
کم استعداد کو چاہیئے کہ اول سے آخر تک اس کتاب کو ایکبار کسی اہل علم سے پڑہ لیوے
بعد اوسکے نظر تفہم پہلے سے مکرر سہ کرر مطالعہ کرے اور معانی لغات کو قوت حافظہ کے
سپرد فرماوے کہ حین قرآن پڑہنے کے وقت ہر ہر لفظ کے معانی فرہنگ مین دیکہنے
سے محنت بہت پڑتی ہے یہہ آخر مقدمہ ہے اب شروع کتاب کو کرتا ہون بعونہ وقوتہ تعالے

باب الالف

(ا) کیا (ف) یہہ حرف استفہام ہے ندا کے واسطے بہی آتا ہے متحرک کو ہمزہ اور ساکن کو
الف کہتی ہین الف کئی قسم ہے تفصیل اوسکی کتب صرف مین ہے اور کبہی ہمزہ پر بہی اطلاق الف کا کرتی ہین

باب الالف مع الالف

آدَم نام پہلے پیغمبر کا ہے جو باپ سب آدمیون کے ہین علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام
آذَر نام حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے باپ کا ہے یا چچا کا باپ کا نام
تارخ تہا اور عرب چچا کو بہی اب کہتے ہین آزَرَ کمر مضبوط کی اوسنے آمَنَ ایمان
لایا وہ آور مانا اوسنے اور اعتبار کیا اوسنے آمَنُوا ایمان لائے وہ آمَنَتْ
ایمان لائی وہ آمَنْتُمْ ایمان لائے تم آمَنْتُ ایمان لایا مین آمَنَّا ایمان
لائے ہم آمَنُ اعتبار کرونگا مین آمِنْ ایمان لا تو آمِنُوا ایمان لاؤ تم آمِنٌ چین پانیوالا
آمِنُونَ چین پانیوالے آمِنَۃٌ چین پانیوالے آتیٰ دیا اوسنے آتَوْا دیا اونہون
نے آتَیْنَ دیا اونہون نے ج ث ف آتِیْنَ دیتے رہو تم آتَیْتَ دیا تونے
آتَیْتُمْ دیا تمنے اور دینا کیا تمنے آتَیْتُمُوا دیا تمنے آتَیْتُ دیا مینے آتَیْنَا دیا ہمنے
آتِیْ آونگا مین اِئْتِ آ تو اِئْتِیَا آؤ تم دونون اِئْتُوا آؤ تم اور لاؤ تم آتِ لا تو
آتُوا دو تم اور لاؤ تم آتِ آنیوالا آتِیَۃٌ آنیوالی آنَسَ دیکھا اوسنے آنَسْتُمْ
دیکھا تمنے آسِفُوا خفا کیا اونہون نے اور جو بھل لایا اونہون نے آمُرُ حکم کرونگا
مین اُومُرْ حکم کر تو آمِرُونَ حکم کرنے والے اِئْتَمِرُوا اسکہاؤ تم اَئِمَّۃٌ امام سب
اور سردار سب آنٍ پانی گرم اور زمانہ اندک اَلْآنَ کیا اب آنِیَۃٌ باسن اور
گرم ہونیوالی ف اول معنی جمع اِنا کی ہے اور دوسرے معنے اسم فاعل کے وزن
مشترک ہی آناء گہڑیان آثار نشانیان آیَۃ نشانی اور آیت قرآن آیَتَیْنِ
دو نشانیان آیات نشانیان آذَوْا ستایا اونہون نے آذَیْتُمُوا ستایا
تمنے آصال ع ج اُئْتُمِنَ امانت رکہا گیا وہ آوٰی جگہہ دی اوسنی آوَوْا
جگہہ دی اونہون نے آوَیْنَا پناہ اور جگہہ دی ہمنے آوِیْ پناہ لونگا مین آوُوْا
پناہ لو تم آلِھَۃ معبود سب آلاف ہزارون آلِفُ اب آکِلُوْنَ کہانیوالی

ف جس لغت کی معنی کی آخر مین حرف جیم اور حرف ثی لکہا گیا ہو وہ علامت جمع اور مؤنث کی ہی ۱۲

آل دوست اور اولاد آبار باپ دادے اسی غم کہاونگا مین اخر اور اخران دواور
اخرون سب اور اخر پچھلا یوم الاخر دن قیامت اخرین پچھلے اخرۃ پچھلے
ازفۃ نزدیک آنیوالی یعنی قیامت افلین غائب ہونیوالے اثم گنہگا اثمین
گنہگار سب اثر پسند کیا اوسنے الاء احسان اور نعمتین اذنت خبر دی مینے اذنا
حکم کر دیا ہمنے اذن رخصت دونگا مین اوذن رخصت دے تو اذنوا خبردار
ہو تم اذان کان سب اسن ہمزہ ہونیوالا اخذین لینیوالی افاق دنیا اور کناری آسمانکے

فصل الالف مع البار

ابراہیم نام ہے خلیل الرحمن علیہ السلام کا ابلیس نا امید اور دہو کا دینے والا
لقب ہی عزازیل علیہ اللعنہ کا اب ابت باپ ابوین ماں باپ ابی انکار کیا
اوسنے ابوا انکار کیا اونہون نے ابین انکار کیا اونہون نے ابد ہمیشہ ابتلے آزمایا اوسنے
ابتلے آزمایا گیا وہ ابتلوا آزماؤ تم ابیض سفید ابیضت سفید ہوئے
ابواب دروازے ابکار وقت صبح ابکار کنواریان ابرار نیک لوگ
ابرص کوڑہے ابن بنا تو ابنوا بناؤ تم ابن بیٹا ابنی دو بیٹے
ابنار بیٹے ابنۃ بیٹی ابنتے دو بیٹیان ابغی چاہتا ہونمین ابتغار تلاش
کرنی ابتغی چاہا اوسنی ابتغوا تلاش کی اونہون نے ابتغیت چاہا تونے ابتغی
چاہتا ہون مین ابتغ ڈہونڈ تو ابتغوا ڈہونڈ ہو تم ابعث اوٹہایا جاؤنگا مین
ابعث اوٹہا تو ابعثوا اوٹہاؤ تم ابصر دیکہا اوسنی ابصرنا دیکہا ہمنے ابصر دیکہہ تو
ابصر بہ کیا دیکہنے والا ہے فعل تعجب ہی ابصار آنکہین ابل اونٹ ابلغ پہنچونگا مین
ابلغوا پہنچایا اونہون نے ابلغت پہنچایا مینے ابلغ پہنچا دی تو ابلغ پہنچاتا
ہون مین ابلعی نگل جا تو ابدل بدلونگا مین ابری چنگا کرتا ہون مین ابرح ہمیشہ یا
کرتا ہون مین ابرح پہرونگا مین ابکم گونگا ابکے رولایا اوسنی ابتدعوا نیا نکالا

اونہون نے اَبْقَی بہت پائدار اَبْقَےٰ باقی رکہا اوسنی اَبَقَ بہاگا وہ اَبْجَرُ ندیان اَبْرَمُوْا ٹہیرایا اونہون نے اَبْشِرُوْا خوش ہوںتم اَبَارِیْقَ لوٹے اَبْتَرُ دُم کٹا اَبَابِیْلَ گروہ گروہ (ف) کہتے ہین کہ چڑیین سبز ہین چونچ اونکی زرد پنجے اونکے کُتّے کے سے اور سر درندے کے سے اُبْلِسُوْا سونپی گئے

ات — فصل الالف مع التار

اَتیٰ آیا وہ اَتَیَا آئی وہ دونو اَتَوْا آئے وہ اور لائے وہ اَتَتْ آئے وہ اَتَیْنَ آئین وہ اور لائین وہ اَتَیْتَ آیا تو اور لایا تو اَتَیْنَا آئی ہم اور لائی ہم اُتُوْا لائی گئی اِتَّقٰی ڈرا وہ اَتْقیٰ بڑا پرہیزگار اِتَّقَوْا بچے وہ اور ڈرے وہ اِتَّقَیْنَ ڈرین وہ سب اِتَّقَیْتُنَّ ڈرین تم اِتَّقِ ڈر تو اِتَّقُوْا ڈرو تم اور بچو تم اِتَّقَیْنَ ڈرتے رہو تم اَتْقَنَ مضبوط کیا اوسنی اِتِّخَاذُ بنانا اِتَّخَذَ ٹہیرایا اوسنی اِتَّخَذَتْ ٹہیرایا اوس عورت نے اِتَّخَذْتَ ٹہیرایا تو نے اور ٹہیرالیا تو اِتَّخَذْتُمْ ٭ اِتَّخَذْتُمُوْا ٹہیرایا تمنے اِتَّخَذْتُ پکڑتا مین اِتَّخَذْنَا پکڑا ہمنے اور بناتے ہم اَتَّخِذُ ٹہیراتا ہون مین اِتَّخِذُوْا ٹہیراؤ تم اِتَّخِذِیْ بنا تو اِتِّبَاعَ پیروی کرنی اِتَّبَعَ تابع ہوا وہ اِتَّبَعُوْا پیچہی چلے وہ اِتَّبَعَتْ پیروی کی تو نے اِتَّبَعْتُمْ پیروی کی تمنے اِتَّبَعْتُ پیروی کی مین اِتَّبَعْنَا پیروی کی ہمنی اَتَّبِعُ تابعداری کرتا ہون مین اِتَّبِعْ تابع ہو تو اِتَّبِعُوْا تابعداری کرو تم اُتْبِعَ پیچہے چلا وہ اُتْبِعُوْا پیچہے لائی گئے وہ اَتَمَّ پورا کیا اوسنی اَتْمَمْتُ پورا کیا مینے اَتْمَمْنَا پورا کیا ہمنے اُتِمُّ پورا کرونگا مین اَتْمِمْ پورا کر تو اَتِمُّوْا پورا کرو تم اَتْلُوْ پڑہونگا مین اُتْلُ پڑہ تو اُتْلُوْا پڑہو تم اِتَّسَقَ پورا ہوا وہ اَتُوْبُ توبہ کرونگا مین اور معاف فرماؤن گا مین اَتَوَکَّاُ تکیہ کرتا ہون مین اَتْرَفْنَا آرام دیا ہمنے اُتْرِفُوْا لذت دئی گئے وہ اُتْرِفْتُمْ عیش دیئے گئے تم اُتْرُکْ چہوڑ تو اَتْرَابٌ ہم عمر سب

اث — فصل الالف مع الثار

اِثْم اَثَام گناہ اَثِیْم گنہگار اَثَابَ بدلا دیا اوسنی اَثَاث مال اور اسباب
اَثْل پیڑ جہاؤ کا اَثْقَال بوجھے اِثَّاقَلْتُم بوجھل ہوی تم اَثْقَلَتْ بوجھل ہوی وہ
اِثْنَانِ دو مرد اِثْنَتَیْن دو عورتین اُثْرُنْتَانِی اَثَارَۃ بچا ہوا اَثَارُوْا اُبہارا اونہونی اَثَرْنَ اوبہارا اونہونے اَثْمَرَ پہل لایا وہ اَثْخَنْتُمُوْا کٹا و ڈالا تمنے اُثْبُتُوْا ثابت رہو تم

اج

فصل الالف مع الجیم

اُجْعَلْ ٹہراؤں گا مین اِجْعَلْ ٹہیرا تو اِجْعَلُوْا ٹہیراؤ تم اُجِیْبَتْ قبول کی گئے وہ
اُجِبْتُمْ جواب دی گئے تم اور مانے گئے تم اُجِیْبُ قبول کرتا ہون مین اِجِیْبُوْا مانو تم اَجْر
مزدورے اُجُوْر مزدوریان اِجْرَام گناہ کرنا اَجْرَمُوْا گناہ کیا اونہون نے اَجْرَمْنَا
گناہ کیا ہمنے اَجِرْ پناہ دے تو اَجَّلْ واسطے اَجَل مدت اَجَلَیْن دو مدت
اَجَّلْتَ مدت ٹہیرائی تونے اُجِّلَتْ دیر کے گئے وہ اِجْتَنِبُوْا بچو تم
اُجْتُنِبَ بچا تو اِجْتَرَحُوْا کمایا اونہون نے اَجْنِحَۃ پر (ج) اِجْنَحْ جہک تو
اِجْتَمَعَتْ جمع ہوئین وہ (ث) اِجْتَمَعُوْا جمع ہوئے وہ سب اَجْمَعُوْا جمع کیا اونہون
نے اَجْمِعُوْا جمع کرو تم اَجْمَعُوْنَ سب اُجَاج کڑوا اَجْدَرُ بہت لائق اَجْسَام
بدن سب اِجْتَبٰی چن لیا اوسنے اِجْتَبَیْتَ چن لیا تونے اِجْتَبَیْنَا چن لیا ہمنے
اُجْتُثَّتْ اوکہاڑ اگیا وہ اَجْلِبْ کہینچ تو اَجِدُ پاؤن گا مین اَجَارَ لایا وہ
اِجْلِدُوْا درّہ مارو تم اَجْدَاث قبرین اَجِنَّۃ پیٹ کے بچے

اح

فصل الالف مع الحاء

اَحْیٰی جلایا اوسنی اَحْیَیْتَ جلایا تونے اَحْیَیْنَا جلایا ہمنے اُحْیِی جلاتا ہون مین اَحْیَاء زندی اَحْبَار عالم سب
اَحْمِلُ سوار کرونگا مین اور اوٹہاؤنگا مین اَحْمِلْ سوار کر تو اور لاد تو اَحْتَمَلَ اوٹہایا اوسنی اِحْتَمَلُوْا اوٹہایا اونہون
نے اَحْمَال بوجہی اور حمل سب اَحَاطَ گہیر لیا اوسنی اَحَاطَتْ گہیر لیا اوسنے اَحَطْتُ
خبر لایا مین اَحَطْنَا گہیر لیا ہمنے اُحِیْطَ گہیر اگیا وہ اَحْرَص بڑا حریص

احد ایک مٔ داِخدی ایکعورت اِحسان نیکی کرنے اَحسَن بہت اچھا اَحسَن اچھا
کیا اوسنی اور نیکی کی اوسنی اَحسنُوا نیکی کی اوہنون نے اَحسَنتُم نیکی کی تمنی اَحسِن
نیکی کر تو اَحسِنُوا نیکی کرو تم اَحسّ دریافت کیا اوسنی اَحسّوا پایا اور دریافت
کیا اوہنون نے اَحلّ حلال کیا اور اوتارا اوسنے اَحلّوا اوتارا اوہنون نے اَحلَلنا حلال کیا ہمنے
اُحِلّ حلال کیا گیا وہ اُحِلّت حلال کی گئی وہ اُحِلّ حلال کرتا ہون مین اَحلُل
کہول تو اَحلام خواب اور عقل ج اُحصِرُوا روکی گئی وہ اُحصِرتُم روکے گئے تم
اِحصِرُوا گھیرو تم اِحذَر ڈر تو اِحذَرُوا ڈرو تم اُحتُرِقَت جلے وہ اَحصٰی بہت یاد رکھنے
والا اور گنے والا اَحصَنَت قید مین رکھا اَحصَینا گن لیا ہمنے اُحصِنّ قید کی گئین وہ
سب اَحصُوا گنو تم اَحضَرت روبرو کیا اوسنی اُحضِرَت روبرو کیے گئے اَحتَنِکَنَّ آزار دونگا
مین اور جڑ سے ڈھا دونگا مین اِحفَظُوا بچاؤ تم اَحبّار دوست سب اَحَبُّ بڑا
دوست اَحبَبتَ دوست رکھا تو نے اَحبَبتُ دوست رکھا مینے اُحِبُّ دوست
رکھتا ہون مین اَحکَمُ بڑا حاکم اُحکُم حکم کر تو اُحکِمَت زبردست کی گئے وہ ؛
اَحزاب گروہ سب اَحادِیث باتین اُحدِث شروع کرون گا مین اَحبَط
ناچیز کیا اوسنی اُحشُرُوا جمع کرو تم اَحوٰی کالا اَحَقّ بڑا حقدار اَحقاب بڑی مدت
ج اَحقاف ریت کا ٹیل اَحمد بڑا سراہا گیا اور حضرت خاتم النبین کا ہی صلوۃ اللہ علیہ وعلی آلہ اجمعین

فصل الالف مع الخاء

اَخذ لینا اَخذَۃ پکڑنا اَخَذَ لیا اوسنے اَخَذَت لیا اوسنے ث اَخَذُ
لیا اوہونے اَخَذتُم لیا تمنے اَخَذنا لیا ہمنے اُخِذَ لیا گیا وُا اُخِذُوا پکڑے
گئے وہ اِخراج نکالنا اَخرَجَ نکالا اوسنے اَخرَجُوا نکالا اوہنون نے اَخرَجَت
نکالا اوسنی ث اَخرَجنا نکالا ہم نے اُخرِجُوا نکالی گئے وہ اُخرِجَت
نکالے گئے وہ اُخرِجتُم نکالے گئے تم اُخرِجنا نکالے گئے ہم اَخرِج نکالا

جاوٗن گا مین اُخْرُجْ نکل تو اُخْرُجُوْا نکلو تم اَخْرِجْ نکال تو اَخْرِجُوْا نکالو تم اِخْتِلَافْ
جھگڑا اور بدلنا اِخْتَلَفَ اختلاف کیا اوسنی اِخْتَلَفُوْا اختلاف اور جھگڑا کیا اونھون نی اِخْتَلَفْتُمْ
اختلاف کیا تمنے اُخْتُلِفَ اختلاف کیا گیا وہ اَخْلَفْتُ خلاف کیا مینے اُخْلُفْ خلیفہ
ہو تو اُخْلُفُوْا خلیفہ کیا اونھون نے اَخْلَفْتُمْ خلیفہ کیا تمنے اَخْلَفْنَا خلیفہ کیا ہمنے
اُخَالِفُ خلاف کرون گا مین اِخْشَوْا ڈرو تم اُخْرٰی دوسری اُخَرُ دوسری
ج اَخَّرَ پیچھے چھوڑا اوسنے اَخَّرَتْ پیچھے چھوڑا اوسنے ش اَخَّرْتَ دیر کی تونی
اَخَّرْنَا دیر کی ہمنے اَخِّرْ مہلت دے تو اِخْتِلَاقْ بنائی ہوئی بات اَخٌ بھائی
اِخْوَةٌ اِخْوَانٌ بھائی سب اُخْتٌ بہن اُخْتَیْنِ دو بہنین اَخَوَاتٌ بہنین
اَخْطَأْتُمْ خطا کی تمنی اَخْطَأْنَا چوکے ہم اَخْلُقُ بناتا ہون مین اَخْزٰی بہت رسوا
اَخْزَیْتَ رسوا کیا تونے اَخْدَانْ یار چھپے اَخْلَصُوْا نرالا کیا اونھون نے اَخْلَصْنَا
خالص کیا ہمنے اَخَافُ ڈرتا ہون مین اَخْفٰی بہت چھپا ہوا اَخْفَیْتُمْ چھپایا تمنے
اُخْفِیَ چھپایا گیا وہ اُخْفِیْ چھپاتا ہون مین اِخْتَلَطَ ملا وہ اَخْلَدَ سدا رہیگا وہ
اَخْبَارْ خبرین اَخْسَرُوْنَ بہت ٹوٹا پانیوالے اَخْبَتُوْا عاجزی کیا اونھون نے
اِخْتَارَ پسند کیا اوسنی اِخْتَرْتُ پسند کیا مینے اِخْتَرْنَا پسند کیا ہمنے اَخُوْنُ خیانت
کرتا ہون مین اِخْفِضْ جھکادی تو اِخْلَعْ اوتار تو اِخْتَصَمُوْا جھگڑا کیا اونھون نی
اِخْسَئُوْا خراب رہو تم اَخْوَالْ ماموں سب اَخْضَرُ سبز اَخْیَارْ نیک لوگ
اَخِلَّاءُ دوست سب اُخْدُوْدْ کہائیان ٭

فصل الالف مع الدال

اِدْرِیْسُ نام ایک پیغمبر کا ہے علی نبینا وعلیہ الصلوة والسلام اُدْخِلُ داخل
کرونگا مین اُدْخُلَا داخل ہو تم دو تو اُدْخُلُوْا داخل ہو تم اُدْخُلِیْ چل تو اور داخل ہو تو
ش اَدْخَلْنَا داخل کیا ہمنے اُدْخُلْ داخل ہو تو اُدْخِلَتْ داخل کی گئی وہ اَدْخِلْ داخل کر

اختلاف

۱۵

کر تو اُدْعُ مانگ تو اور پکار اُدْعُوْا پکارو تم اَدْعِیَاءُ لے پالک (ج) یعنی منہ بولی بیٹے
اِدْفَعْ دور کر تو اِدْفَعُوْا دور کرو تم اَدْبَار پیٹھیں اِدْبَار پیٹھ پھیرنی اَدْبَرَ پیٹھ پھیری
اوسنے اَدْنیٰ بہت نزدیک اور بہت خراب اَدْہٰی بڑی بلا اَدْلٰی لٹکایا اوسنے اَدْرٰی
خبردار کیا اوسنے اَدْرِیْ جانتا ہون مین اَدُلُّ راہ بتاؤن گا مین اِدّارَکَ دریافت کیا
اوسنی اِدّارَکُوْا اکٹھی مین گرپڑے وہ اَدْرَکَ پالیا اوسنی اِدَّکَرَ یاد کیا اوسنی اِدّارَأْتُمْ
اختلاف کیا تمنی اُدْرُءُوْا دور کرو تم اِدٌّ بھاری اَدَاءٌ پہنچانا اَدُّوْا حوالہ کرو تم ❊

اذ

فصل الالف مع الذال

اُذُنٌ کان اُذُنَیْنِ دو کان اِذْنٌ پروانگی اَذِنَتْ کان رکھا اوسنی (ث) اَذِنْتَ
پروانگی دی تونے اُذِنَ پروانگی دی گئے اَذَّنَ پکارا اوسنے اَذِّنْ پکار تو اَذَانٌ
خبر دینی اَذَلُّ بڑا ذلیل اَذِلَّة خوار اور نرم اَذَلِّیْنَ ذلیل سب اَذَاعُوْا مشہور کیا اونہوں نے
اِذْہَبْ جا اور لیجا تو اِذْہَبَا جاؤ تم دو نو اِذْہَبُوْا جاؤ اور لیجاؤ تم اَذْہَبَ لیگیا وہ اَذْہَبْتُمْ
لیگئے تم اَذَاقَ چکھایا اوسنی اَذَقْنَا چکھایا ہمنے اَذْقَان ٹھڈیان اَذْکُرُ یاد کرونگا
مین اُذْکُرُوْا یاد کرو تم (ش) اَذًی نجاست اور تکلیف اِذْ جس وقت
اِذَا جب اور یکایک اَذْبَحُ ذبح کرتا ہون مین ❊

ار

فصل الالف مع الراء

اَرْسَلَ بھیجا اوسنی اَرْسَلُوْا بھیجا اونہون نے اَرْسَلَتْ بھیجا اوسنے اَرْسَلْتَ بھیجا
تونے اَرْسَلْنَا بھیجا ہمنے اُرْسِلَ بھیجا گیا وہ اُرْسِلُوْا بھیجے گئے وہ اُرْسِلْتُمْ
بھیجے گئے تم اُرْسِلْنَا بھیجے گئے ہم اُرْسِلُ بھیجونگا مین اَرْسِلْ بھیج تو اَرْسِلُوْا بھیجو تم
اَرٰی دیکھتا ہون مین اور دیکھایا اوسنے اَرَیْنٰہُ دکھایا ہمنے اُرِیَنَّ دیکھاتا ہون
مین اَرِ دیکھا تو اَرُوْنِیْ دکھاؤ تم اَرَادَ چاہا اوسنے اَرَادَا چاہا دونون سے
اَرَادُوْا چاہا اونہون نے اَرَدْنَ چاہا اونہون نے (ث) اَرَدْتُمْ چاہا تمنے

اَرَدْتُ چاہا مینے اَرَدْنَا چاہا ہمنے اُرِیْدُ چاہتا ہون مین اِرْحَمْ رحم کرتو
اَرْحَمُ بڑا رحم والا اَرْحَام بچہ دان سب اُرْہِقُ چڑہاؤن گا مین اِرْکَعُوا جہکو اور رکوع کرو تم
اِرْکَعِیْ جہک تو (ث) اَرْبَاب پالنے والے اور مربی سب اِرْتَابَ شک کیا اوسنے اِرْتَابُوا
شک کیا اونہون نے اِرْتَابَتْ شک کیا اوسنے (ث) اِرْتَبْتُمْ شک کیا تمنے
اَرْکَسَ اولٹ دیا اوسنے اُرْکِسُوْا اولٹے گئے وہ اَرْجُلْ پاؤن سب اَرْذَلَ کمینا
اَرْذَال کمینے اَرْذَلُوْنَ نیچ قوم لوگ اَرَاذِلُ نیچ قوم والے اِرْصَاد تاکنا
اِرْکَبْ سوار ہو تو اِرْکَبُوْا سوار ہو تم اِرْتَقِبْ راہ دیکہہ تو اِرْتَقِبُوْا تاکتی رہو تم
اَرْخٰۃُ ڈہیل دی تو اَرْجِعُ پہر جاؤن گا مین اِرْجِعْ پہر جا تو اِرْجِعُوْا پہر جاؤ تم
اِرْجِعِیْ پہر جا تو (ث) اُرْزُقْ روزی دی تو اُرْزُقُوْا روزی دو تم اِرْتَدَّ الٹ
گیا وہ اِرْتَدَّا اولٹے پہرے دونون اِرْتَدُّوْا اولٹے پہر گئے وہ اِرْہَبُوْا ڈرو تم اَرْبٰی
زیادہ فائدہ مند اَرَائِکْ تخت سب اَرْجُمُ سنگسار کرونگا مین اِرْعَوْا چراؤ تم اِرْتَضٰی
راضی ہوا وہ اَرْضَعَتْ دودہ پلایا اوسنے (ث) اَرْضَعْنَ دودہ پلایا اونہون نے
(ج ث) اَرْضِعِیْ دودہ پلا تو (ث) اِرْبَۃ حاجت اُرْجُوْا امید رکہو تم اَرْجَاءَ
کنارے اَرْض زمین اَرْدٰی خوار کیا اوسنے اَرْسٰی بوجہہ رکہا اوسنے اِرْغَبْ
خواہش کر تو اُرْکُضْ لات مار تو اَرْبَعَ چار اَرْبَعَۃ چار اور چار مرد اَرْبَعِیْنَ چالیس
اِرَمْ نام شہر کا ہے بنایا ہوا شداد بن عاد کا

فصل الالف مع الزاء

از

اَزْوَاج جوڑے اور قسمین اَزَاغَ پہیر دیا اوسنے اَزَلَّ ڈگا یا اوسنے یعنی لغزش
دی اوسنے اَزْکٰی بہت پاکیزہ اِزْدَادُوْا زیادہ ہوئے وہ اَزِیْدُ زیادہ کرونگا
مین اَزْلَام پانسے اُزَیِّنُ آراستہ کرون گا مین اِزَّیَّنَتْ خوش نما ہوئی وہ
اَزْلَفْنَا نزدیک پہنچایا ہمنے اُزْلِفَتْ پاس لائے گئے وہ اَزْرٌ اوبہار اوسنی

اَزْرَکَم اَزِفَتْ نزدیک آئی وہ اَزْدَجَرِ جہڑکا گیا وہ ؀

فصل الالف مع السین

اِسْمٰعِیْلَ نام ہے ایک پیغمبر کا جو بڑے بیٹے تہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پیٹ سے ہاجرہ رضہ کے اِسْحٰقَ یہہ بہی نام ہے ایک پیغمبرعٰ کا جو چہوٹے بیٹے تہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بطن سے سارہ رضہ کے اِسْرَائِیْلَ نام ہے عبرانی زبان مین حضرت یعقوبؑ کا بیٹے اسحاقؑ کے اِسْم نام اَسْمَار نام سب اِسْتَوْقَدَ سلگایا اوسنی سیدہا ہوا وہ اور ارادہ کیا اوسنی اِسْتَوَتْ ٹہیری وہ اِسْتَوَیْتَ سوار ہوا تو اِسْتَوَیْتُمْ سیدہے ہوئے تم اور سوار ہوئے تم ؀ اِسْتِکْبَار غرور کرنا اِسْتَکْبَرَ غرور کیا اوسنی اِسْتَکْبَرُوْا بڑا سمجہا اونہون نے اِسْتَکْبَرْتَ غرور کیا تو نے اِسْتَکْبَرْتُمْ غرور کیا تمنے اُسْکُنْ بس تو اُسْکُنُوْا بسو تم اَسْکَنْتُ بسایا مینی اَسْکَنَّا ٹہرایا ہمنے اُسْکُنُوْا جگہہ دو تم اِسْتَعِیْنُوْا مدد چاہو تم اَسْقِیْ پلاتا ہون مین اِسْتَسْقٰی پانی مانگا اوسنی اَسْقَیْنَا پلایا ہمنے اَسْر قید اَسِیْر قیدی اُسَارٰی بندہوی اَسْمَعُ سنتا ہون مین اِسْمَعْ اِسْتَمِعْ سن تو اِسْمَعُوْا اِسْتَمِعُوْا سنو تم اِسْتَمَعَ سنا اوسنے اِسْتَمَعُوْا سنا اونہون نے اَسْمَعَ سنایا اوسنی اَسْمِعْ بِہٖ کیا خوب سنتا ہے صیغہ تعجب کا ہے اِسْلَام تابعداری کرنے اَسْلَمَ فرمانبردار ہوا وہ اَسْلَمَا حکم مانا دونون نے اَسْلَمُوْا تابع ہوئے وہ اَسْلَمْتُمْ تابع ہوئے تم اَسْلَمْتُ تابع ہوا مین اَسْلَمْنَا تابع ہوی ہم اَسْلِمْ فرمانبردار ہو تو اَسْلِمُوْا اسلام لاؤ اور فرمانبردار ہو تم اَسْبَاط اولاد یعقوب علیہ السلام کی اَسْوَد سیاہ اِسْوَدَّتْ سیاہ ہوئے وہ اِسْتَیْسَرَ آسان ہوا وہ اِسْتَطَاعَ طاقت رکہی اوسنی اِسْطَاعُوْا مقدور رکہا اونہون نے اِسْتَطَعْتَ طاقت رکہی تو نے اِسْتَطَعْتُمْ طاقت رکہی تمنی

اِسْتَطَعْتُ طاقت رکھی مینی اِسْتَطَعْنَا طاقت رکھی ہمنی اِسْتَشْهِدُوا گواہ کرو تم
اَسْجُدُ سجدہ کرون مین اُسْجُدْ سجدہ کر تو اُسْجُدُوا سجدہ کرو تم اُسْجُدِی ث ا
سجدہ کر تو اِسْتِغْفَار بخشش چاہنے اِسْتَغْفَرَ مغفرت چاہے اوسنی اِسْتَغْفَرُوا مغفرت
چاہی اونہون نے اِسْتَغْفَرْتَ معافی چاہی تو نے اَسْتَغْفِرُ آمرزش چاہون گا
اور بخشاؤن گا مین اِسْتَغْفِرْ مغفرت مانگ تو اِسْتَغْفِرُوا معافی مانگو تم اِسْتَغْفِرِی
معافی مانگ تو ث اِسْتَكَانُوا عاجز ہوئی وہ اِسْتَزَلَّ ڈگایا اوسنی اِسْتِبْدَال
بدلنا اِسْتَجَابَ مانا اوسنی اِسْتَجَابُوا بات مانی اونہون نے اِسْتَجَبْتُمْ مان لیا تمنے
اُسْتُجِيبَ مانا گیا وہ اَسْتَجِيبُ مان لون مین اِسْتَجِيبُوا حکم مانو تم اَسْأَلُ مانگتا
ہون مین اِسْأَلْ مانگ اور پوچھہ تو اِسْأَلُوا مانگو اور پوچھو تم اِسْتَمْتَعَ فائدہ لیا
اوسنی اِسْتَمْتَعُوا فائدہ لیا اونہون نی اِسْتَمْتَعْتُمْ فائدہ لیا تمنی اِسْتُحْفِظُوا یاد کیا
اونہون نے اِسْتِبَاقًا سبقت کے دونون نے اِسْتَبَقُوا سبقت کی اونہون نے
اِسْتَبِقُوا سبقت کرو تم اِسْرَا گوشہ اَسَرَّ چھپایا اوسنی اَسَرُّوا چھپایا اونہون نے
اَسْرَرْتُ چھپا کر کہا مینی اَسِرُّوا چھپاؤ تم اِسْتَحَقَّ لائق ہوا وہ اِسْتَحَقَّا لائق
ہوئی وہ دو اَسْرَعُ بہت جلد اِسْتَهْوَتْ بہلا دیا اوسنی ث اِسْتَكْثَرْتُمْ بہت جمع
ہوئی تم اِسْتَكْثَرْتُ بہت جمع کیا مینی اِسْتَعْصَمَ بچ رہا وہ اِسْتَقَرَّ ٹھیرا وہ
اِسْتَضْعَفُوا کمزور سمجھا اونہون نے اُسْتُضْعِفُوا کمزور سمجھے گئے وہ اِسْتَعِذْ پناہ
مانگ تو اَسْفَلَ نیچے اوترا وہ اَسْفَلُ بہت نیچی ہونیوالا اَسْفَلِيْنَ سب سے نیچے
والے اَسْلَفَتْ آگے بھیجا اوسنی ث اَسْلَفْتُمْ آگے بھیجا تمنے اِسْتَنْصَرَ مدد چاہے
اوسنی اِسْتَنْصَرُوا مدد چاہی اونہون نے اِسْتَقَامُوا سیدھی ہوئی وہ اِسْتَقِمْ
ثابت رہ تو اِسْتَقِيمَا ثابت رہو تم دونو اِسْتَقِيمُوا ثابت رہو تم سب اِسْتَحَبُّوا
دوست رکھا اونہون نے اُسْتُهْزِئَ ٹھٹھا کیا گیا وہ اِسْتَهْزِءُوا ٹھٹھا کرو تم

اِستاذن رخصت مانگی اوسنی اِستاذنوا رخصت چاہی اونہون نے
اَسَّسَ نیو رکہی اوسنی اُسِّسَ پایا رکہا گیا وہ اِستبشروا خوش ہوے تم
اِستعجال شتابی کرنی اِستعجلتم شتابی کی تمنی اَسریٰ سیر کرائی اوسنی
اَسرا انکو سیر کر تو اَستخلص نرالا کرونگا مین اِستخرج نکالا اوسنی اِستیاس نا امید
ہوا وہ اِستیاسوا نا امید ہوی وہ آسِف غم بہرا آسَفیٰ افسوس اَساطیر
کہانیان اِستفتحوا فیصلہ چاہا اونہون نے اِستنکفوا عیب جانا اونہون نے
اِستحیا رجیا چاہتے اِستحیی جیتا چہوڑونگا مین اِستحیوا جیتا چہوڑو تم
اِسترق چرایا اوسنی اِستبرق تافتہ اُسلک چلا تو اُسلکوا چلا در جہگڑو تم
اُسلکی چل تو اَسواء بہت برا اَساء برا کیا اوسنے اَساءوا برا کیا اونہون نے
اَساءتم برا کیا تمنے اِستفز گہبرا تو اَسوِرۃ کنگن اَساوِر بہت کنگن اِستطعما کہانا
چاہا دونون نی اِسراف بی فائدہ خرچ کرنا اَسرف بیفائدہ خرچ کیا اوسنی
اَسرفوا حد سی بڑہے وہ اَسواق بازار سب اَسقط گرا تو اِستیقنت یقین
کیا اوسنی (ث) اِستفت پوچہہ تو اِستغاث فریاد چاہی اوسنی اَسلحۃ ہتیار (ج)
اِستجار نوکر رکہا اوسنی اِستاجرت نوکر رکہا تونے اِستاجرہ نوکر رکہہ تو
اُسوۃ پیروی اِستعلیٰ اونچا ہوا وہ اُسرح رخصت کرونگا مین اَسلنا بہایا
ہمنے اَسفار کتابین اور سفر (ج) اِستعمر بسایا اوسنی اِستغنیٰ بی پروائی کی
اوسنی اَسباب علاق اور رستی اور رسی اِستمسک مضبوط پکڑ تو اِستخف
بیوقوف جانا اوسنی اِستخلف خلیفہ کیا اوسنی اِستہزءوا ڈرایا اونہون نے
اَسخط بیزار کیا اوسنی اِستغلظ موٹا ہوا وہ اِستبع پورا کیا اوسنی اَسحار صبح کے
وقت اِستحوذ قابو پایا اوسنی اِستغوا دوڑو تم اِستغشوا لپیٹے وہ سب اَسفر روشن ہوا

فصل الالف مع الشین

اشتری مول لیا اوسنی اشتروا مول لیا اونہونے اشربوا پیا اونہونے اور پلایا اونہونے اشربی
پی تو اشد بہت سخت اشد قوت اور زور اشداء زبردست سب اشدد
مضبوط کرونگا مین اشدد سخت کر تو اشتدت زور کیا اوسنے اشترک شریک
کیا اوسنی اشرکوا شریک ٹہیرایا اونہون نے اشرکت شریک کیا
تونے اشرکتم اشرکتموا شریک ٹہیرایا تمنی اشرکنا شریک کیا ہمنے
اشرک شریک کرونگا مین اشرک شریک کر تو اشکر شکر کرونگا مین
اشکروا احسان مانو تم اشعار بال سب اشتات پراگندہ اشہر
مہینے اشہد گواہی دیتا ہون مین اشہد گواہ ہو تو اشہدوا گواہ ہو تم اشہد
گواہ رکہا اوسنے اشہدت حاضر کیا مینے اشہد گواہ کر تو اشہدوا گواہ رکہو تم
اشہاد گواہ سب اشتملت ملی وہ اشار جا ہون گا مین اشکوا بیان کرتا
ہون مین اشق بہت سخت اشق تکلیف مین ڈالونگا اشیاء چیزین اشتعل
شعلہ پکڑا یعنے سفید ہوا وہ اشارت ہاتہہ سے بتایا اوسنی رشد اشرح کہول تو اشتہت
چاہا اوسنے اشحۃ بخیل سب اشفقن ڈرین وہ اشفقتم ڈری تم اشراق صبح کا وقت
اشرقت چمکی وہ اشر بڑا اشرار برے لوگ اشمازت تنگ ہوے وہ
اشراط نشانیان اشر برائی کرنیوالا اشیاع ساتہی لوگ اشقی بڑا بدبخت

فصل الالف مع الصاد

اص

اصحاب یارون اصابع اونگلیان اصفح درگذر کر تو اصفحوا درگذر کرو تم
اصغر بہت چہوٹا اصطبر صبر کر تو اصبر سہار تو اصبروا صبر کرو تم اصبر
بڑا سہارنی والا اصبح ہوگیا وہ اور صبح کی اوسنی اصبحوا ہوئے وہ اصبحت
ہوگئے وہ اصبحتم ہوئی تم اصباح صبح کے روشنی اصطفی پسند کیا اوسنی
اصطفیت پسند کیا مین نی اصطفینا پسند کیا ہمنے اصطنعت بنایا مینے

اِصْلَاح سنوارنا اَصْلَحَ سنوارا اور صلح کی اوسنی اَصْلَحَا صلح ہوئی ہو دونو اَصْلَحُوا درست کیا دنہون نے اَصْلَحْنَا اچہا کیا ہمنے اَصْلِحْ صلح کر تو اَصْلِحُوا صلح کرو تم اَصَابَ پہنچا اَصَابَتْ پہونچی وہ اَصَبْتُمْ پہونچی تم اَصَبْنَا پہنچے ہم اُصِيْبُ پہنچون گا مین اُصْبُ میل کرون گا مین اِصْبِرُ بوجہ اور ذمہ اَصْلَابُ پیٹہین اُصَلِّبُ سولے چڑہاؤن گا مین اُصْدُقُ بڑا سچا اَصَّدَّقُ خیرات کرونگا مین اِصْطَادُوا شکار کرو تم اَصْرِفُ پہیرون گا مین اِصْرِفْ پہیر اور ہٹا تو اَصْوَافٌ اون (ج) اَصْوَاتٌ آوازین اَصِيْلٌ شام اَصَمُّ بہرا اَصَلُّ جڑ اُصُوْلٌ جڑین اِصْنَعْ بنا دی تو اَصْفَادٌ زنجیرین اِصْدَعْ صاف کہہ تو اَصْفٰى چن دیا اوسنی اَصَرُّوا ضد کے اوہنون نے اِصْلَوْا پہنچو تم اُصْلِيْ پہنچاؤنگا مین اَصْنَامٌ بت سب ❁

	فصل الالف مع الضاد	

اض

اَضَاءَ چمکا یا اوسنی اَضَاءَتْ چمکا یا اوسنی (ش) اِضْرِبْ مار تو اِضْرِبُوا مارو تم اُضْطُرَّ ناچار کیا گیا وہ اُضْطُرِرْتُمْ ناچار کئے گئے تم اَضْطَرُّ ناچار کرونگا مین اَضَلُّ بڑا گمراہ اَضَلَّ گمراہ کیا اوسنی اَضَلَّا گمراہ کیا اون دونون نے اَضَلُّوا گمراہ کیا سب نے اَضْلَلْنَ بہکایا اوہنون نے اَضْلَلْتُمْ گمراہ کیا تمنے اُضِلُّ گمراہ کرونگا مین اَضْعَافٌ دونا اَضْغَاثٌ پراگندہ اَضْغَانٌ دشمن سب اَضَاعُوا گنوایا اوہنون نے اُضِيْعُ ناچیز کرون گا مین اَضْحَكَ ہنسایا اوسنے اَضْعَفُ بہت کمزور

	فصل الالف مع الطاء	

اط

اَطَاعَ فرمان برداری کی اوسنی اَطَاعُوا فرمان برداری کی اوہنون نی اَطَعْنَ فرمان برداری کی اوہنون نے (ج ش) اَطَعْتُمْ اَطَعْتُمُوْا فرمان برداری کی تمنے اَطَعْنَا فرمان برداری کی ہمنے اَطِيْعُوا فرمان برداری کرو تم اَطِعْنَ فرمان برداری کرو تم (ش) اِطْمَانَّ آرام پکڑا اوسنی اِطْمَانُّوا خاطر جمع ہوئے

ہوئے وسے اِطمانَنتم تو خاطر جمع ہوی تم اَطہَر خوب پاک اِطَّہّرُوا خوب پاک کرو تم
اِطعام کہانا کہلانا اَطعَم کہلایا اوسنے اَطعَمُوا کہلاو تم اَطراف کنارے اِطمس
مٹا دے تو اِطرَحُوا پھینک دو تم اِطَّلع خبردار ہوا وہ اِطَّلعت خبردار ہوا تو
اَطَّلِعُ جہانکونگا مین اَطفال لڑکے اَطمَعُ توقع رکہتا ہون مین اِطَّیَّرُوا
بد فالی پکڑی اوہون نے اِطَّیَّرنا منحوس جانا ہمنے اَطفَئے بجہایا اوسنی اَطغیٰ
بڑا شریر اَطغَیتُ شرارت مین ڈالا مین نے اَطوار سکے طرح

اظ

فصل الالف مع الظاء

اَظلَمَ ظلم کیا اوسنے اور اندہیرا کیا اوسنے اَظلَم بڑا بے انصاف اَظُنّ
گمان کرتا ہون مین اَظہَرَ ظاہر کیا اوسنے اَظفَرَ فتح دی اوسنے ؁

اع

فصل الالف مع العین

اَعراف نام گہرون کا ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے اَعبُدُ عبادت
کرتا ہون مین اُعبُد بندگی کر تو اُعبُدُوا بندگی کرو تم اَعَدَّ تیار کیا اوسنے
اَعَدُّوا تیار کیا اوہون نے اَعتَدَتْ تیار کیا اوسنی (ث) اَعتَدنا تیار کیا
ہمنے اُعِدَّتْ تیار کی گئی وہ اَعِدُّوا تیار کرو تم اِعتَدیٰ زیادتی کی اوسنی
اِعتَدَوا زیادتی کی اوہون نے اِعتَدَینا حد سے بڑہے ہم اِعتَدُوا زیادتی
کرو تم اَعلَمُ جانتا ہون مین اور بڑا خبردار اِعلَم جان تو اِعلَمُوا جانو تم ؁
اَعمیٰ اندہا اور اندہا کیا اوسنی اَعُوذُ پناہ چاہتا ہون مین اُعِیذُ پناہ مین
دیتا ہون مین اُعفُ معاف کر تو اُعفُوا معاف کرو تم اَعمال کام سب
اَعمَلُ کام کرتا ہون مین اِعمَل بنا اوکام کر تو اِعمَلُوا عمل کرو تم اِعتَمَرَ زیارت
کی اوسنی اَعنَتَ مشکل مین ڈالا اوسنی اَعجَبَ خوش کیا اوسنی اَعجَبَتْ خوش
کیا اوسنی (ث) اِعتَزَلَ گوشہ لیا اوسنی اِعتَزَلتُمُوا کنارا پکڑا تمنی اِعتَزِلُوا گوشہ

اِصْلاَح سنوارنا اَصْلَحَ سنوارا اور صلح کی اوسنی اَصْلَحَا صلح ہوئی ہو دونو اَصْلِحُوْا درست کیا وہنون نے صَلَحْنَا اچھا کیا ہمنے اَصْلِحْ صلح کر تو اَصْلِحُوْا صلح کرو تم اَصَابَ پہنچا اَصَابَتْ پہونچی وہ اَصَبْتُمْ پہونچی تم اَصَبْنَا پہنچے ہم اُصِیْبُ پہنچون گا مین اَصْبُ میل کرون گا مین اِصْبِرْ بوجھ اور ذمہ اَصْلَابْ پیٹھین اُصَلِّبُ سولے چڑہاؤن گا مین اَصْدَقَ بڑا سچا اَتَصَدَّقُ خیرات کرونگا مین اِصْطَادُوْا شکار کرو تم اَصْرِفُ پہیرون گا مین اِصْرِفْ پہیر اور ہٹا تو اَصْوَافْ اون (ج) اَصْوَاتْ آوازین اَصِیْلْ شام اَصَمْ بہرا اَصَلْ جڑ اُصُوْل جڑین اِصْنَعْ بنا دی تو اَصْفَادْ زنجیرین اِصْدَعْ صاف کہہ تو اَصْطَفٰی چن دیا اوسنی اَصَرُّوْا ضد کے اوہنون نے اِصْلَوْا پہنچو تم اُصْلِيَ پہنچاؤنگا مین اَصْنَامْ بت سب ❖

	فصل الالف مع الضاد	

اض

اَضَاءَ چمکا یا اوسنی اَضَاءَتْ چمکایا اوسنی (ش) اِضْرِبْ مار تو اِضْرِبُوْا مارو تم اُضْطُرَّ ناچار کیا گیا وہ اُضْطُرِرْتُمْ ناچار کئے گئے تم اَضْطَرُّ ناچار کرونگا مین اَضَلُّ بڑا گمراہ اَضَلَّ گمراہ کیا اوسنی اَضَلَّا گمراہ کیا دونون نے اَضَلُّوْا گمراہ کیا سب نے اَضْلَلْنَ بہکایا اوہنون نے اَضْلَلْتُمْ گمراہ کیا تمنے اُضِلُّ گمراہ کرونگا مین اَضْعَافْ دونا اَضْغَاثْ پراگندہ اَضْغَانْ دشمن سب اَضَاعُوْا گنوایا اوہنون نے اُضِیْعُ ناچیز کرون گا مین اَضْحَکَ ہنسایا اوسنے اَضْعَفْ بہت کم زور

	فصل الالف مع الطاء	

اط

اَطَاعَ فرمان برداری کی اوسنی اَطَاعُوْا فرمان برداری کی اوہنون نی اَطَعْنَ فرمان برداری کی اوہنون نے (ج ش) اَطَعْتُمْ اَطِعْتُمُوْا فرمان برداری کی تمنے اَطَعْنَا فرمان بیداری کی ہمنے اَطِیْعُوْا فرمان برداری کرو تم اَطِعْنَ فرمان برداری کرو تم (ش) اِطْمَانَّتْ آرام پکڑا اوسنی اِطْمَانُّوْا خاطر جمع ہوئے

ہوئے وہ اِطْمَأنَنْتُمْ خاطر جمع ہوئی تم اَطْہَرُ خوب پاک اِطَّہَّرُوْا خوب پاک کرو تم
اِطْعَامْ کھانا کھلانا اَطْعَمَ کھلایا اوسنی اَطْعِمُوْا کھلاؤ تم اَطْرَافْ کنارے اِطْمِسْ
مٹادے تو اِطْرَحُوْا پھینک دو تم اِطَّلَعَ خبردار ہوا وہ اِطَّلَعْتَ خبردار ہوا تو
اَطَّلِعُ جھانکونگا مین اَطْفَالْ لڑکے اَطْمَعُ توقع رکھتا ہون مین اِطَّيَّرُوْا
بدفالی پکڑی اونہون نے اِطَّيَّرْنَا منحوس جانا ہمنے اَطْفَأَ بجھایا اوسنی اَطْغٰی
بڑا شریر اَطْغَيْتُ شرارت مین ڈالا مین نے اَطْوَارْ کئے طرح

اظ

فصل الالف مع الظاء

اَظْلَمَ ظلم کیا اوسنی اور اندھیرا کیا اوسنی اَظْلَمُ بڑا بے انصاف اَظُنُّ
گمان کرتا ہون مین اَظْہَرَ ظاہر کیا اوسنی اَظْفَرَ فتح دی اوسنی ٭

اع

فصل الالف مع العین

اَعْرَافْ نام گھرون کا ہے درمیان بہشت اور دوزخ کے اَعْبُدُ عبادت
کرتا ہون مین اُعْبُدُ بندگی کر تو اُعْبُدُوْا بندگی کرو تم اَعَدَّ تیار کیا اوسنے
اَعَدُّوْا تیار کیا اونہون نے اَعْتَدَتْ تیار کیا اوسنی (ث) اَعْتَدْنَا تیار کیا
ہمنے اُعِدَّتْ تیار کی گئی وہ اَعِدُّوْا تیار کرو تم اِعْتَدٰی زیادتی کی اوسنی
اِعْتَدَوْا زیادتی کی اونہون نے اِعْتَدَيْنَا حد سے بڑھے ہم اِعْتَدُوْا زیادتی
کرو تم اَعْلَمُ جانتا ہون مین اور بڑا خبردار اِعْلَمْ جان تو اِعْلَمُوْا جانو تم ٭
اَعْمٰی اندھا اور اندھا کیا اوسنی اَعُوْذُ پناہ چاہتا ہون مین اُعِيْذُ پناہ مین
دیتا ہون مین اُعْفُ معاف کر تو اُعْفُوْا معاف کرو تم اَعْمَالْ کام سب
اَعْمَلُ کام کرتا ہون مین اِعْمَلْ بنا اور کام کر تو اِعْمَلُوْا عمل کرو تم اِعْتَمَرَ زیارت
کی اوسنی اَعْنَتَ مشکل مین ڈالا اوسنی اَعْجَبَ خوش کیا اوسنی اَعْجَبَتْ خوش
کیا اوسنی (ث) اِعْتَزَلَ گوشہ لیا اوسنی اِعْتَزَلْتُمُوْا کنارا پکڑا تمنی اَعْتَزِلُ گوشہ

پکڑتا ہون مین اِعۡتَزِلُوا کنارے رہو تم اَعۡنَاب انگور سب اِعۡصَار بگولا
اُعَذِّبُ عذاب کرون گا مین اِعۡتَصَمُوا مضبوط پکڑا اونہون نے اِعۡتَصِمُوا
مضبوط پکڑو تم اَعۡدَاء دشمن سب اَعۡلیٰ سب سے اوپر اَعۡلَوۡنَ اونچے ہونیوالے
اَعۡقَبَ پیچھے لایا وہ اَعۡقَاب ایڑیاں اِعۡرَاض منہ پھیرنا اَعۡرَضَ منہ پھیرا اوسنے
اَعۡرَضُوا منہ پھیرا اونہون نے اَعۡرَضۡتُمۡ منہ موڑا تمنے اَعۡرِضۡ تغافل کر تو اَعۡرِضُوا درگذر و تم
اَعۡدِلُ انصاف کرتا ہون مین اِعۡدِلُوا انصاف کرو تم اَعۡجَلَ جلدی کے
اوسنے اَعِزَّةٌ زبردست اور عزت والے اَعَزّ بہت عزیز اَعۡیُن آنکھین اَعۡظَم
بہت بڑا اَعۡرَاب گنوار اِعۡتَرَفُوا اقرار کیا اونہون نے اِعۡتَرَفۡنَا اقرار کیا ہمنے
اَعِظُ نصیحت کرتا ہون اِعۡتَرَیٰ چیٹ لیا اوسنے اَعۡصِرُ نچوڑتا ہون مین
اَعۡنَاق گردنین اَعۡثَرۡنَا کہولدیا ہمنے اَعۡصِیَ نافرمانی کرون گا مین اَعِیۡبُ
عیب لگاؤن گا مین اَعَانَ مدد کی اوسنے اَعِیۡنُوا مدد کرو تم اَعۡطیٰ دیا اوسنے
اَعۡطَیۡنَا دیا ہمنے اُعۡطُوا دیئے گئے وہ اَعۡطِ دے تو اُعِیۡدُوا پہیر ڈالی گئے وہ
اَعۡرَج لنگڑا اَعۡمَام چچا سب اَعۡجَمِیّ عجم والا اَعۡجَمِیۡن عجم والے اَعۡهَدُ عہد کرتا ہون
مین اَعۡلَام پہاڑ سب اِعۡتِلُوا اچرہا و تم اَعۡجَاز جڑین اِعۡتَبِرُوا عبرت پکڑو تم
اَعۡلَنۡتُمۡ ظاہر کیا تمنے اَعۡلَنۡتُ ظاہر کیا مین نے ❊

اغ

فصل الالف مع الغین

اُغۡلُظۡ سختی کر تو اِغۡتَرَفَ چلو سے لیا اوسنے اَغۡلَال طوق سب (ج) اَغۡنیٰ
غنی کیا اوسنے اور کام آیا وہ اَغۡنَتۡ بے پروا کیا اوسنے (ث) اُغۡنِیۡ کام
آؤن گا مین اَغۡنِیَاء مالدار سب اِغۡسِلُوا دہو و تم اَغۡرَیۡنَا لگادیا ہم نے
اَغۡشَیۡنَا ڈہانپا ہمنے اُغۡشِیَتۡ ڈہانپی گئی وہ اَغۡوَیۡتَ گمراہ کیا تونے
اَغۡوَیۡنَا بہکایا ہمنے اِغۡفِرۡ معاف کر تو اُغۡوِیَ گمراہ کرون گا مین اَغۡرَقۡنَا

اَغرَقنَا ڈبایا ہمنی اُغرِقُوا ڈبائی گئی وہ اَغلِبُ غالب ہون گا مین اَغطَشَ
اندہیرا کیا اوسنی اُغضُضْ نیچے کرتو اَغفَلنَا غافل کیا ہمنی اِغدُوا صبح کو آؤ تم

فصل الالف مع الفار

اف

اِفکٌ بہتان اُفِکَ پہیرا گیا اور اوندہا کیا گیا وہ اَفَّاک بڑا جہوٹا اَفَاقَ
ہوش مین آیا وہ اَفَلَ چہپ گیا وہ اَفلَتَ غائب ہوی وہ اِفعَل کر تو اِفعَلُوا
کرو تم اَفوَاہ مُنہ (ج) اَفضٰی پہنچا وہ اَفَاضَ چلا وہ اَفَضتُم چلے تم اور جرکیا تمنے
اَفِیضُوا چلو تم اِفتَدٰی فدیہ دیا اوسنی اِفتَدَوا فدیہ دیا اونہون نے اِفتَدَت
بدلا دیا اوسنی (ث) اِفتِرَاء تہمت اِفتَرٰی تہمت باندہی اوسنی اِفتَرَیتُ جہوٹہہ
باندہا مینے اِفتَرَینَا جہوٹہہ باندہا ہمنے اَفتِ بیان کر تو اَفتُوا بیان کرو تم اور
صلاح دو تم اَفُوزُ پہنچون گا مین اُفرُقُ جدا کر تو اَفَادَ دیا اوسنی اِفتَح کہول تو
اَفرِغُ ڈالون گا مین اَفرِغ ڈال تو اَفصَحُ بہت گویا اَفئِدَۃَ دلون اُفٍّ
یہہ لفظ جہڑکنے کا ہے اَفلَحَ نجات پائی اوسنی اَفسَدُوا بگاڑا اونہون نے اَوصَلَ
سونپتا ہون مین اَفنَان شاخین اِفسَحُوا کشادہ کرو تم اَفوَاج قافلے اُفُق کنارے

اق

فصل الالف مع القاف اِقَامَۃ اِقَام سیدہا کرنا اَقَامَ سیدہا کیا اوسنی اَقَامُوا قائم کیا اونہون
نے اَقَمتَ قائم کیا تو نے اَقَمتُم کہڑا کیا تمنے اَقِم سیدہا کر تو اَقِیمُوا سیدہا
کرو تم اَقِمنَ قائم کرو تم (ج ث) اَقوَمُ بہت سیدہا اُقتُلُ ہلاک
کرون گا مین اُقتُلُوا مار ڈالو تم اِقتَتَلَ لڑائی کی اوسنی اِقتَتَلُوا لڑائی کی
اونہون نے اَقرَرتُم اقرار کیا تمنے اَقرَرنَا اقرار کیا ہمنے اَقفَال قفل سب
اَقرَبُ بہت نزدیک اَقرَبُونَ رشتے والے اِقتَرَبَ نزدیک ہوا وہ اِقتَرَبَت
پاس آئی وہ اِقتَرِب نزدیک ڈہونڈہ تو اَقسَمُوا قسم کہائے اونہون نے
اَقسَمتُم قسم کہائی تمنے اُقسِمُ سوگند کہاتا ہون مین اَقسَطُ خوب انصاف

اُقسِطُوا انصاف کرو تم اُقنُتِے بندگی کر تو اَقلَام قلم (ج) اَقدَام پاؤن (ج
اَقدَمُون اگلی اَقرِضُوا اودہار دیا اونہون نے اَقرَضتُم اودہار دیا تمنے اَقرِضُوا
اودہار دو اُقطَعُوا کاٹو اُقَطِّع ٹکڑی ٹکڑے کرون گا مین اَقَل بہت کم اَقَلَّت
اوٹہائی اَقُول کہتاہون مین اَقَل مبتاء اَقَاوِیل باتین اُقعُدُ بیٹہون گا مین اُقعُدُوا بیٹہو
اِقضِ حکم کر تو اِقضُوا کر چکو تم اُقصُص بیان کر تو اُقلِعِے تہم جا تو (ش) اَقبَل منہ
کیا اوسنی اَقبَلُوا منہ کیا اونہون نی اَقبَلَت آگی آئی وہ اَقبَلنَا آئی ہم اَقبِل آگے
تو اَقصَی آخر اور نہایت اِقرَء پڑہ تو اِقرَءُوا پڑہو تم اِقذِفِی ڈال تو اِقصِد بیچ
کی راہ چل تو اِقتَدِہ پیروی کر تو اَقطَار کنارے اَقوَات خوراک (ج) اُقِّتَت وعدہ
کیے گئے اور ٹہیرائے گئے وہ اُقتُلُوا بوجہی دی اوسنی اَقبَر قبر مین رکہوایا اوسنی
اِقتَحَمَ چڑہا وہ اِقتَسَمُوا کمایا تم نے ۔ ❊

فصل الالف مع الکاف

اَکُون ہوئین اَکُن اِک بمعناہ بہت زیادہ اَکثَرُوا بہت کیا اونہون نے اَکثَرتُ
بہت کیا تمنے اَکبَر بہت بڑا اَکبَرنَ بڑا سمجہا اونہون نے (ش) اَکَابِر بڑی لوگ
اَکنَان چہپنی کے جگہہ اَکِنَّۃ غلاف سب اَکنَنتُم چہپا رکہا تمنے اِکرَاہ زبردستی
اُکرِہَت زبردستی کی تو نی اُکرِہَ زبردستی کی گئی اَکتَسَبَ کمایا اوسنی اَکتَسَبُوا کمایا
اونہون نے اِکتَسَبَت کمایا اوسنی (ش) اِکتَسَبنَ کمایا اونہون نے (ش) اَکمَہ اندہا مادرزاد
اِکفُل حوالی کر تو اَکمَلتُ پوراکیا مینے اَکدٰی تہوڑا رکہا اوسنی اَکسُوا پہنا و تم
اَکفُر ناشکری کی اوسنی اَکفُرُ ناشکری کرتا ہون مین اَکفُر کافر ہو تو اَکفُرُوا
منکر ہو تم اَکفُر چہوڑون گا مین اُکُل پہل اَکل کہانا اَکَل کہایا اوسنی اَکَلَا
کہایا دونون نے اَکَلُوا کہایا سب نی اَکّالُون بڑے کہانیوالے اَکتُبُ لکہونگا
مین اُکتُب لکہہ تو اُکتُبُوا لکہو تم اِکتَتَبَ لکہہ لیا اوسنی اِکرَام تعظیم کرنی اَکرَم

عزت دی اوسنی اَکْرِمِیْ درست کر تو (ش) اَکْرَمُ بڑا عزت والا اُکَلِّمُ بات کرونگی
مین اَکَادُ قریب ہون مین اَکِیْدُ تدبیر کرون گا مین اَکْمَامٌ غلاف سب اَکْوَابٌ
آبخورے اِکْشِفْ کہول تو اِکْتَالُوْا ماپ لیا اونہون نے ؛

ال

فصل الالف مع اللام

اَللّٰہُ نام ہے معبود برحق کا جامع ہے تمام صفات کمال کو اور پاک جمیع سمات
نقصان سے اَللّٰہُمَّ یا اللہ اِلٰہٌ معبود اِلٰہَیْنِ دو معبود اٰلِہَۃٌ کہیل مین ڈالا اوسنے
اَلْہٰہُمْ دلمین ڈالا اوسنی اَلْقِیْ ڈالا اوسنی اَلْقَوْا ڈالا اونہون نے اَلْقَتْ ڈالدیا
اوسنی (ش) اَلْقَیْتُ ڈالا مینے اَلْقَیْنَا ڈالا ہمنے اُلْقِیَ ڈالا گیا وہ اُلْقِیْ ڈالو گا
مین اَلْقِ ڈال تو اَلْقِیَا ڈالو تم دو اَلْقُوْا ڈالو تم اَلْفَوْا پایا اونہون نے
اَلْفَیَا ملے دو اَلْفَیْنَا پایا ہمنے اَلْفٌ ہزار اَلْفَیْنِ دو ہزار اُلُوْفٌ ہزارون
اَلْاٰنَ اب اَلْبَابٌ عقل سب اَلَدُّ بڑا جہگڑنے والا اَلِدُّ جہونگے مین -
اِلْتَقٰی ملا وہ اِلْتَقَتَا ملے دو اِلْتَقَیْتُمْ ملاقات کی متنی اِلْحَادٌ حق سی گذرنا اَلْزَمَ
لازم کیا اوسنی اَلْزَمْنَا لازم کیا ہمنے اِلْتَقَطَ اوٹہالیا اوسنے اَلْسِنَۃٌ زبان سب
اَلَتْنَا نزم کیا ہمنے اَلْفٌ محبت ڈالی اوسنی اَلَّفْتَ الفت ڈالی تونے اِلْتَفَّتْ
لپٹ گئے وہ اَلْفَافٌ لپٹے ہوئے اِلْتَقَمَ لقمہ لیا اوسنے اور نگل گیا وہ اَلْقَابٌ
نامون اِلْتَمِسُوْا ڈہونڈہو تم اَلِیْمٌ درد والا اِلْغَوْا بک بک کرو تم اِلْحَافٌ
لپیٹنا اور جہگڑنا اِلْعَنْ لعنت کر تو اِلْحَقْتُمْ ملا یا تمنے اَلْحَقْنَا ملا یا ہمنی اَلْحِقْ
ملا تو اَلْوَانٌ رنگ سب اَلْفَافًا گہنا یا ہمنے اَلْوَاحٌ تخت سب اِلْیَاسْ اِلْیَاسِیْن
یہہ دو نو نام ایک پیغمبر کے ہین جیسے سینا اور سینین اور اِلٌّ وہ بندار سے
اور قرابت اور نام اللہ کا ہے اَلْ حرف تعریف کا کئی معنون کے واسطے
آتا ہے ف زائد ہوتا ہے اور غیر زائد اور غیر زائد تین قسم ہے ؛

استغراقی عہد خارجی عہد ذہنی بیان سبکا مفصل کتب نحو مین ہے
اَلَّذِیۡ وہ ایک شخص اَلَّذَانِ وہ دو اَلَّذِیۡنَ وہ سب اَلَّتِیۡ وہ ایک
(ث) اَللَّاتِیۡ وہ سب (ث) اَللَّاۤئِیۡ وہ سب عورتین اور مرد اِلٰے
طرف اِلَّا مگر اَلْاٰخِر دار ہو تو اَلَّا کیون نہین آلٓمٓ معنی انا اللہ اعلم یعنی مین
خدا جاننے والا بڑا ہون آلٓمٓصٓ معنی انا اللہ اَعْلَمُ وَاُفَصِّلُ یعنی مین خدا ہون
جانتا ہون اور تفصیل کرتا ہون آلٓر معنی انا اللہ الرحمٰن یعنی مین خدا مہربان
ہون آلٓمٓر معنی انا اللہ اعلم اَرٰے یعنی مین خدا ہون جانتا ہون اور
دیکھتا ہون یہہ حروف متشابہات سے ہین معنے تحقیقی انکے اللہ ہی کو معلوم
ہین یہہ معنی تاویلی ہین باقی بیان ہکا کتب تفاسیر مین ہی من شاء فلینظر تمت

فصل الالف مع المیم

اَمْر کام اور فرمانا اَمَرَ فرمایا اوسنی اَمَرُوْا فرمایا اونہون نے اَمَرْتَ حکم
تو نے اَمَرْتُ فرمایا مینے اُمِرُوْا حکم کیے گئے وہ اُمِرْتُ حکم کیا گیا مین اُمِرْنَا
حکم کیے گئے ہم اُمُوْر کام سب اَمَّارَۃٌ بڑا حکم کرنیوالا اِمْرًا انوکھا اَمَرُّ بہت
کڑوا اِمْرُءٌ مرد اِمْرَءَۃٌ عورت اِمْرَءَتَانِ دو عورتین اَمْوَات مُردی اَمُوْتُ
مرون گا مین اَمَاتَ مارا اوسنی اَمَتَّ مارا تو نے اُمِیْتُ مارتا ہون مین اُمّ
مان اور جگہ اُمَّہَات مائین اُمِّیٌّ ان پڑہا اُمِّیُّوْنَ ان پڑہے اُمْنِیَّۃٌ آرزو
اَمَانِیُّ آرزوئین اُمْنِیَ آرزوئین ڈالون گا مین اُمَّۃٌ جماعت اُمَمٌ جماعتین
اَمَۃٌ باندی اِمَاءٌ باندیان اَمَامُ آگے اِمَام پیشوا اور راہ اَمَدٌ فرق اور
مدت اَمْس کل اَمَنَۃٌ چین اور آرام اَمِیْنٌ معتبر اور امانت دار اَمْن پناہ اَمِنَ
اعتبار کیا اوسنی اَمِنْتُمْ خاطر جمع ہوئے تم اَمِنْتُ اعتبار کیا مینے اَمْتِعَۃٌ اسباب
اُمَتِّعُ فائدہ دونگا مین اَمَل آرزو اَمْوَال دولتین اور نعمتین اَمْسَاکٌ روکنا

أَمْسَكَ روکا اوسنی أَمْسَكْنَ روکا اونهون نے (ج ش م) أَمْسَكْتُمْ موندر کها تمنے أَمْسِكْ روک تو أَمْسِكُوْا روک رکهو تم أَمَانَة دهر دهر أَمَانَات دهر دهرن أَمْلِكُ اختیار رکهتا هون مین أَمْثَلُ بهتر أَمْثَال مثالین إِمْسَحُوْا مسح کرو تم إِمْضُوْا چلے جاو تم أُمْنُنْ احسان رکهه تو أَمْطَرْنَا برسایا همنے أُمْطِرَتْ برسائی گئی وه أَمْطِرْ برساوی تو إِمْلَاق مفلسی أَمْلَأُ بهرون گا مین أَمْلٰی دیر کی اوسنی أُمْلِيَتْ ڈهیل دی مینی أُمْلِي فرصت دون گا مین إِمْتَلَأْتِ بهر چکے تو أَمْكَنَ قدرت والا أَمَدَّ مدد کی اوسنی أَمْدَدْنَا زور دیا همنے أُمْكُثُوْا ٹهیرو تم إِمْتَازُوْا الگ هو جاو تم أَمْتٌ ٹیلا أَمْعَاءٌ انتین إِمْتَحَنَ جانچا اوسنی إِمْتَحِنُوْا آزماو تم إِمْشُوْا چلو تم أَمْشَاجٌ ملے هوئے أَمْهِلْ مهلت دے تو أَمَّا اسے حرف تفصیل ہے إِمَّا أَمْ یا حروف عطف هین تردید کے لئے ❊

ان

فصل الالف مع النون

أَنْعَامٌ مواشی چار پائے أَنْعُمٌ احسان سب إِنْكَدَرَتْ میلے هو جاوین أَنْعَمَ احسان کیا اوسنی أَنْعَمْتَ احسان کیا تو نے أَنْعَمْتُ انعام کیا مینے أَنْعَمْنَا مهربانی کی همنے أَنْزَلَ اوتارا اوسنی أَنْزَلْتَ اوتارا تو نے أَنْزَلْتُمُوْا اوتارا تمنے أَنْزَلْتُ اوتارا مینے أَنْزَلْنَا اوتارا همنے أُنْزِلَ اوتارا گیا وه أُنْزِلَتْ اوتارے گئے وه أُنْزِلُ اوتارون گا مین أَنْزِلْ اوتار تو أَنْبَاءٌ خبرین أَنْبِيَاءُ پیغمبر سب أَنْبَأَ بتایا اوسنی أَنْبِئْ بتا تو أَنْبِئُوْا بتاو تم أُنَبِّئُ خبر دون گا مین إِنْفَجَرَتْ بهے وه (ث) إِنْبَجَسَتْ پهوٹ نکلے وه إِنْسٌ إِنْسَانٌ أُنَاسٌ إِنْسِيٌّ آدمی أَنَاسِيَّ آدمیون أَنْسٰى بهلایا اوسنی أَنْسَوْا بهلایا اونهون نے أُنْظُرْ دیکهه تو أُنْظُرُوْا دیکهو تم أُنْظُرِيْ دیکهه تو (ث) إِنْتَظِرْ منتظر ره تو إِنْتَظِرُوْا دیکهتے رهو تم أَنْظِرْ مهلت دے تو أَنْذَرَ ڈرایا اوسنی أَنْذَرْتُ ڈرایا مین نے

اَنْذَرْنَا ڈرایا ہمنے اُنْذِرُ ڈراتا ہون مین اَنْذِرْ ڈرا دی تو اَنْذِرُوْا ڈراؤ تم اِنَّا
پکنا اَنْھٰی منع کرتا ہون مین اِنْهَ منع کر تو اِنْتَهٰی باز آیا وہ اِنْتَهَوْا باز آئے وہ
اِنْتَهُوْا باز آؤ تم اِنْفَاق خرچ کرنا اَنْفَقَ خرچ کیا اوسنی اَنْفَقُوْا خرچ کیا اونہون نی
اَنْفَقْتَ خرچ کیا تونے اَنْفَقْتُمْ خرچ کیا تمنے اَنْفِقُوْا خرچ کرو تم اِنْفِصَامْ ٹوٹنا
اَنْصَارٌ مددگار اُنْصُرْ مدد کر تو اُنْصُرُوْا مدد کرو تم اِنْتَصَرَ بدلا لیا اوسنی اِنْتَصَرُوْا
بدلا لیا اونہون نے اِنْتَصِرْ بدلا لے تو اُنْثٰی عورت اُنْثَیَیْنِ دو عورتین اِنَاث
بہت عورتین اور بیٹیان اِنْتِقَامٌ بدلا اِنْتَقَمْنَا بدلا لیا ہمنے اَنْفُخُ پھونکتا ہون
مین اُنْفُخُوْا پھونکو تم اَنَامِلَ اونگلیان اِنْقَلَبَ پلٹا وہ اِنْقَلَبُوْا پلٹے وہ اِنْقَلَبْتُمْ
پلٹے تم اَنْقَضَ توڑا اوسنی اِنْفَضُّوْا پراگندہ ہوئے وہ اِنْکِحُوْا بیاہ کرلو تم اُنْکِحُ
نکاح کردونگا مین اَنْکِحُوْا بیاہ کردو تم اِنْفِرُوْا کوچ کرو تم اَنَابَ رجوع کیا
اوسنی اَنَابُوْا رجوع کیا اونہون نے اَنَبْنَا رجوع کیا ہمنے اُنِیْبُ رجوع کرتا
ہون مین اَنِیْبُوْا رجوع کرو تم اِنْشَاءٌ بنانا اَنْشَاَ پیدا کیا اوسنی اَنْشَاْتُمْ
پیدا کیا تمنے اَنْشَاْنَا بنایا ہمنے اَنْجٰی نجات دی اوسنی اَنْجَیْتَ بچایا تونے
اَنْجَیْنَا بچایا ہمنے اَنْصَحُ نصیحت کرتا ہون مین اِنْسَلَخَ گذر گیا وہ اور باہر
نکلا وہ اَنْفَال غنیمتین اِنْتَبَذَتْ کناری ہوئے وہ اُنْبُذْ پھینک تو اور جواب
دے تو اِنْبِعَاثٌ اوٹھنا اِنْبَعَثَ اوٹھا وہ اِنْصَرَفُوْا پھرے وہ اَنْبَتَ اُگایا
اوسنی اَنْبَتَتْ اوگایا اوسنی (ث) اَنْبَتْنَا اوگایا ہمنے اَنْکَاث ٹکڑے اَنْطَقَ
گویا کیا اوسنی اِنْفَلَقَ پھٹ گیا وہ اُنْقُصْ کم کر تو اَنْقَذَ خلاص کیا اوسنے
اَنْکَال بیڑیان اَنْکَرُ بہت برا اِنْطَلَقَ چلا وہ اِنْطَلَقَا چلے وہ دو اِنْطَلَقُوْا چلے وہ
اِنْطَلَقْتُمْ چلے تم اِنْطَلِقُوْا چلو تم اَنْسَاب ذاتین اَنْشَرَ اوٹھایا اوسنے
اَنْشَرْنَا اوبھارا ہمنے اُنْشُزُوْا اوٹھ کھڑے ہو تم اِنْتَشِرُوْا پھیلو تم اَنْفَ

ناک اَنَام خلق اُنفُذُوا نکلو تم اِنشَق پہٹا وہ اِنشَقَّت پہٹ گئی و اِنفَطَرَت چرگئے وہ ٭ اِنتَشَرَت جہڑگئے وہ ٭ اَنصِتُوا چپ رہو تم اَنہَار ندیان اِنہَار پانی اور خون بہانا اِنحَر قربانی کر تو اَنفُس جان سب اَندَادٌ ساجہی سب اَنصَاب بت سب اِنصَب محنت اوٹہا تو اِنجِیل کتاب آسمانی کا نام ہے کہ عیسے علیہ السلام پر نازل ہوئی تہی اِنَّ اور اَنَّ مقرر دو حرف حروف شبہ بالفعل سے ہین اَن یہہ ناصبہ مضارع ہے اِن جو حرف شرط ہے ٭ اِن نہین نافیہ ہے اَنّٰی کہان استفہام کے لیے آتا ہے اَنتَ ایک تو اَنتُمَا تم دو نو اَنتُم تم سب مرد اَنتِ تو ایک عورت اَنا مین ٭

فصل الالف مع الواو

اَوفٰی اچہا پورا اور پورا کیا اوسنی اُوفِ پورا کرون گا مین اَوفِ پورا دے تو اَوفُوا پورا کرو تم اَوَّل پہلا اَوَّلَیَانِ دو پہلے اَوَّلُونَ پہلے سب اَولٰے بہتر اور مصیبت اَولٰے پہلے اُوتِیَ دیا گیا وہ اُوتُوا دی گئے وہ اُوتِیَت دی گئی وہ اُوتِیتُم دی گئے تم اُوتِیتُ دیا گیا مین اُوتِینَا دیئے گئے ہم اُوتٰی دیا جاون گا مین اُوذِیَ ستایا گیا وہ اُوذُوا ستائے گئے وہ اُوذِینَا ستلائے گئے ہم اَولَادٌ بچے اَوتَادٌ میخین اَوحٰی وحی اور دلمین ڈالا اوسنی اَوحَیتُ وحی بہیجی مینے اَوحَینَا وحی بہیجی ہمنے اُوحِیَ وحی بہیجی گئی اُوَارِی چہپاتا ہون مین اَوقَدَ روشن کیا اوسنی اَوقَدُوا سلگایا اونہون نے اَوقِد روشن کر تو اَورَثَ وارث کیا اوسنی اَورَثنَا وارث کیا ہمنے اُورِثُوا وارث کیے گئے وہ اُورِثتُمُوا وارث کئے گئے تم اَوضَعُوا گہوڑے دوڑا لیئے اونہون نے اَوجَس دلمین ڈالا اوسنی اَورَدَ داخل کیا اوسنی اَودِیَۃ نالی اَوزَارٌ بوجہے اَوبَار پیرین اَوَّاب بڑا رجوع

کرنیوالا طرف اللہ کے اَوّابِینَ رجوع کرنیوالے اَوّبِیْ رجوع کرتو تسبیح کرتو اَوَّاہٌ
آہ کرنیوالا اور نرم دل اَوْصٰی تاکید کی اور بعد مرنے کے دلایا اَوْثَانٌ بت
سب اَوْہَنُ بہت بودا اَوْجَسْتُمْ دوڑایا تمنے اَوْلِیَاءُ دوست سب اَوْسَطُ
بیچ والا اَوْسَعَ نگاہ رکھی اوسنی اَوْعِیَۃٌ خرجیان اَوْزِعْ نصیب کر تو اَوْ یا
حرف عطف ہے اُولُوا صاحب جمع ذو کی ہے مذکر کے واسطے اُولَاتُ
صاحبات یہہ جمع ذات مؤنث کے لئے اُولَاءِ اُولٰئِکَ وہ لوگ
اسمار اشارات ہین جمع مذکر اور مؤنث کے لئے

فصل الالف مع الہار

اہ

اَہْدِیْ راہ بتاؤنگا مین اِہْدِ راہ بتا تو اِہْدُوا راہ بتاؤ تم اَہْدٰی
بہت راہ پانے والا اِہْتَدٰی راہ پائی اوسنی اِہْتَدَوْا راہ پائی اونہون نے
اِہْتَدَیْتُمْ راہ پائی تمنے اِہْتَدَیْتُ راہ پائی مینے اَہِلَّۃٌ چاند سب اُہِلَّ
پکارا گیا وہ اور ذبح کیا گیا وہ اَہْلُ اولاد اور دوست اَہْلُوْنَ گھر والے
اَہْوَاءٌ خواہشین اَہْوٰی پٹکا اور گرایا اوسنی اَہْلَکَ غارت کیا اوسنے
اَہْلَکْتُ نابود کیا اوسنے (ش) اَہْلَکْتَ ہلاک کیا تونے اَہْلَکْتُ ہلاک کیا
مینے اَہْلَکْنَا ہلاک کیا ہمنے اُہْلِکُوْا غارت کیے گیے وے اَہَمَّتْ ارادہ کروایا اوسنے
(ش) اِہْبِطْ اتر تو اِہْبِطَا اترو تم دونون اِہْبِطُوْا اترو تم اُہْجُرْ چھوڑ اُہْجُرُوْا
چھوڑو تم اَہَانَ ذلیل کیا اوسنی اَہَبَّ دنین اَہُشُّ پتے جھاڑتا ہون مین
اِہْتَزَّتْ اُبھری ہوئے اَہْوَنُ بہت آسان ؛

فصل الالف مع الیار

ای

اَیُّوْبُ نام پیغمبر کا ہے بنے اسرائیل سے ہے علٰی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام
اِیَابٌ پھرنا اِیْلَافُ الفت دینی اَیْقَاظٌ جاگنے والے اَیَامٰی بیوہ عورتین

اَيْمُنُ دہنی طرف اَيْمَانَ دہنی ہاتہ اور قسمین اِيْمَان یاور کرنا اور مسلمان ہونا
اَيَّام دن سب اَيِّدُ طاقت اَيْدِیْ ہاتہ سب اَيَّدَ زور دیا اوسنی اَيَّدْتُّ زور دیا
مینے اَيَّدْنَا زور دیا ہمنے اَيْكَةَ نام جنگل کا ہے اِيْتَار دینا اِیْ البتہ حرف ایجاب ہے
اَیُّ اور اَيَّةُ کون اور کونسا اور کسیجگہہ استفہام کے واسطے ہین اور اَيْنَ اور
اَيَّانَ بہی اسیطرح واسطے استفہام کے ہین اور اَيْنَمَا شرط کے معنے مین
يَتَّبِعُوۡنَ پیروی کرتے ہین وہ يُتَّبَعُ پیروی کیا جاتا ہے وہ يَتَبَيَّنَ
ظاہر ہوتا ہے وہ يَتَّقِىۡ پرہیز کرتا ہے اور بچتا ہے وہ اور کبھی یا
گر جاتی ہے يَتَّقُوۡنَ بچتے ہین وہ يَتَذَكَّرُ نصیحت پکڑتا ہے وہ
يَتَذَكَّرُوۡنَ نصیحت مانتے ہین وہ يَتَرَبَّصُ انتظار کرتا ہے وہ
يَتَرَبَّصُوۡنَ انتظار کرتے ہین اور امید رکھتی ہین وہ يَتَرَبَّصۡنَ
ٹہیرین وہ يَتَعَدَّ حد سے گذرتا ہے وہ يَتَرَاجَعَا رجوع کرینگے وہ دونو
يَتَوَفّٰى پورا لیتا ہے اور مارتا ہے وہ يَتَوَفَّوۡنَ مارتی ہین وہ
يُتَوَفّٰى تمام لیا جاتا ہے وہ يُتَوَفَّوۡنَ جان لئے جاتے ہین وہ ؞

يَتَسَنَّهُ سڑتا ہے اور بدمزہ ہوتا ہے وہ اصل مین يَتَسَنَّنُ تھا
آخر کا نون خلاف قیاس تا سے بدل گیا يَتَسَنَّهُ ہوا يَتَخَبَّطُ دیوانہ ہوتا
ہے اور بہکتا ہے وہ يَتُوْبُ توبہ کرتا ہے اور عذاب اور قہر سے
باز آتا ہے وہ يَتُوْبُوْنَ توبہ کرتے ہین وہ يَتَغَيَّرُ متغیر ہوتا ہے وہ
يَتَفَضَّلُ بزرگ ہوجاوی وہ يَتَفَكَّرُوْنَ اندیشہ کرتے ہین وہ يَتَدَبَّرُوْنَ
سوچتے ہین اور آخر کام کو اندیشہ کرتے ہین وہ يَتَطَهَّرُ پاک ہوتا ہے وہ
يَتَطَهَّرُوْنَ پاک ہوتے ہین وہ يَتَكَبَّرُوْنَ تکبر کرتے ہین وہ يَتَلَطَّفُ
مہربانی کرتا ہے اور نرمی کرتا ہے وہ يَتَخَطَّفُ اوچک لیجاتا ہے وہ
يُتَخَطَّفُ اوچک لیا جاتا ہے وہ يَتَرَدَّدُوْنَ پھرتے ہین اور بھٹکتے
ہین وہ يَتَفَقَّهُوْا سمجھہ پیدا کرینگے وہ يَتَعَلَّمُوْنَ سیکھتے ہین وہ يَتَوَلّٰى
پیٹھہ پھیرتا ہے وہ اور دوست بناتا ہے وہ اور کبھی یا آخر سے گرجاتی
ہے يَتَوَلَّوْنَ رفیق بناتی ہین اور پھرتے ہین وہ يَتَنَاجَوْنَ آپس مین
منع کرتے ہین وہ يَتَضَرَّعُوْنَ گڑگڑاتے ہین وہ يَتَخَافَتُوْنَ چپکے کہتے
ہین وہ يَتَخَلَّفُوْا پیچھے رہتے ہین وہ يَتَعَارَفُوْنَ آپسمین پہچانتے ہین وہ
يَتَلَقّٰى لیتا ہے وہ يَتَوَارٰى چھپتا ہے وہ يَتَجَرَّعُ گھونٹ گھونٹ
پیتا ہے وہ يَتَبَوَّأُ جگہہ پکڑتا ہے وہ يَتَفَيَّؤُا ڈھلتا ہے اور رجوع کرتا ہے
وہ يَتَمَتَّعُوْنَ فائدہ لیتے ہین وہ يَتَسَاءَلُوْنَ آپسمین پوچھتے ہین وہ
يَتَخَيَّرُوْنَ پسند کرتے ہین وہ يَتَّخِذُ پکڑتا ہے اور بناتا ہے وہ
يَتَّخِذُوْنَ پکڑتے ہین وہ يُتْرَكُ چھوڑا جاتا ہے وہ يُتْرَكُوْا
چھوڑے جائینگے وہ يَتَفَرَّقَا جدا ہوتے ہین وہ دونون يَتَفَرَّقُوْنَ
پھوٹتے ہین اور منتشر ہوتی ہین وہ يَتِيْهُوْنَ حیران ہوتے ہین اور

گمراہ ہوتے ہین وہ یَتَقَبَّلُ قبول کرتا ہے وہ یُتَقَبَّلُ قبول کیا جاتا ہے وہ
یَتَسَلَّلُوْنَ سٹکتے ہین اور نکل جاتے ہین وہ یَتَرَقَّبُ راہ دیکھتا ہے
یَتَرَقَّبُوْنَ امید رکھتی ہین وہ یَتَزَکّٰی پاک ہوتا ہے وہ یَتَحَاجُّوْنَ
جھگڑتے ہین وہ یَتَوَکَّلُ بھروسا کرے وہ یَتَوَکَّلُوْنَ بھروسا کرتے
ہین وہ یَتَحَاکَمُوْا فیصلہ چاہتے ہین وہ یَتَّکِئُوْنَ تکیہ لگاتی ہین وہ
یَتَنَازَعُوْنَ جھگڑتے ہین اور دشمنی کرتے ہین وہ یَتَفَطَّرْنَ پھٹینگے وہ
یَتَمَاسَّا آپس مین چھوئین گے وہ دونون یَتَمَنَّوْنَ آرزو کرتے
ہین وہ کبھی نون گرجاتا ہے یَتَنَزَّلُ اوترتا ہے وہ یَتَقَدَّمُ آگے
ہوتا ہے وہ یَتَاَخَّرُ پیچھے ہوتا ہے وہ یَتَنَاجَوْنَ مشورہ کرتے ہین وہ
یَتَمَطّٰی اکڑتا ہے اور نازسے چلتا ہے وہ یَتَنَافَسُوْنَ خواہش کرتے
ہین اور حسد کرتے ہین وہ یَتَغَامَزُوْنَ آپس مین کنایہ کرتے ہین اور
آنکھہ سے اشارہ کرتے ہین وہ اور نظر حقارت سے دیکھتے ہین وہ یَتَلَاوَمُوْنَ
آپسمین ملامت کرتے ہین وہ یَتَکَلَّمُ بات کرتا ہے وہ یَتَکَلَّمُوْنَ بات
کرتے ہین اور کرینگے وہ یَتَجَنَّبُ دور ہوتا ہے اور سرک جاتا ہے وہ

فصل الیا مع الثا

ی ث

یَثْرِبُ نام مدینہ منورہ کا تھا آگے تشریف لیجانے حضرت کے اب
یثرب کہنا منع ہے یُثَبِّتُ ثابت رکھتا ہے وہ یُثْبِتُ برقرار
رکھتا ہے وہ یُثَبِّتُوْا ٹھہاتے ہین وہ یَثْنُوْنَ پھیرتے ہین اور
دہراتے ہین وہ یَثْقَفُوْا پاوین گے وہ یُثْخِنَ لڑائی کرے گا اور
مار ڈالتا ہے وہ

فصل الیا مع الجیم

ی ج

یَجْمَعُ جمع کرتا ہے اور کریگا وہ یَجْمَعُوْنَ جمع کرتے ہین وہ یَجِدُ

پاتا ہے وہ یَجِدُونَ پاتے ہین وہ یُجَاہِدُ جہاد کرتا ہے وہ یُجَاہِدُونَ لڑائی کرتے ہین وہ یُجِیرُ پناہ دیتا ہے وہ یُجَارُ پناہ دیا جاتا ہے وہ یُجَاوِرُونَ نزدیک ہونگے اور ہمسائگے کرینگے وہ یَجْأَرُونَ پناہ لیتے ہین اور گڑگڑاتے ہین وہ یُجَلِّی روشن کرتا ہے وہ یَجُرُّ کہینچتا ہے وہ یَجْزِی بدلا دیتا ہے وہ یُجْزیٰ بدلا دیا جاتا ہے وہ یُجْزَوْنَ بدلا دیئے جاتے ہین اور دیئے جائینگے وہ یَجْرِی بہتا ہے وہ یَجْرِمُ گناہ کرتا ہے اور گناہ مین ڈالتا ہے وہ یَجْعَلُ کرتا ہے وہ یَجْعَلُونَ بناتے ہین اور کرتے ہین وہ یَجْبِی کہینچتا ہے وہ یَجْتَبِی پسند کرتا ہے اور چہانٹ لیتا ہے وہ یُجَادِلُ جہگڑتا ہے وہ یُجَادِلُونَ جہگڑتے ہین وہ یَجْحَدُ انکار کرتا ہے وہ یَجْحَدُونَ انکار کرتے ہین وہ یَجْتَنِبُونَ بچتے ہین وہ یُجَنَّبُ بچایا جائیگا وہ یُجِیبُ جواب دیتا ہے اور مانتا ہی وہ یَجْہَلُونَ نادانی کرتے ہین وہ یَجْمَحُونَ سرکشی کرتے ہین اور بہاگتے ہین

فصل الیاء مع الحاء

ی ح

یَحْیٰی نام پیغمبر کا ہے بیٹے زکریا کے علے نبینا وعلیہما الصلوٰۃ والسلام قصہ اونکا قرآن مین مذکور ہے یَحْیٰی جیتا ہے وہ اور جیئیگا وہ یُحْیِی جلاتا ہے وہ یُحَیِّی دعا دیتا ہے اور سلام کرتا ہے وہ یَحْمُومٍ دہوان کالا بعضے تفاسیر مین ہے کہ یحموم نام پہاڑ کا ہے آگ سے کہ دوزخی اوسکے سایہ مین پناہ لینگے یَحْزَنُ غمگین ہوتا ہے وہ یَحْزَنُونَ غمگین ہوتے ہین وہ یَحْزَنَّ غم کہائین گے وہ یُحْسِنُونَ احسان کرتے ہین اور نیک کرتے ہین وہ ✤

یَحْسَبُ سمجہتاہے اور گنتا ہے وہ یَحْسَبُوْنَ سمجہتے ہین وہ یَحْتَسِبُ
امید رکہتاہے وہ یَحْتَسِبُوْنَ امید رکہتے ہین وہ یُحَاسِبُ حساب
کرتا ہے وہ یُحَاسَبُ حساب کیاجائیگا وہ یُحِبُّ پ یُحِبُّ دوست رکہتاہے
وہ یُحِبُّوْنَ دوست رکہتے ہین وہ یُحَرِّفُوْنَ حرف پہیرتے ہین اور
عبارت مین تغیر وتبدل کرتے ہین وہ یُحَاجُّوْنَ باہم دشمنی کرتے ہین اور
حجت پکڑتے ہین وہ یُحَادِدُ باہم دشمنی کرتا ہے وہ یُحَادُّوْنَ آپسمین
دشمنی کرتی ہین وہ یَحْکُمُ فرماتا ہے وہ یَحْکُمَانِ حکم کرتے ہین وہ دونون
یعنی داوٗد اور سلیمان علیہما السلام یَحْکُمُوْنَ حکم فرماتے ہین وہ یُحْکِمُ
استوار کرتا ہے وہ یُحَکِّمُوْنَ حکم بناتی ہین اور فیصلہ کے واسطے مقرر
کرتے ہین وہ یَحِلُّ حلال ہوتا ہے اور واجب ہوتا ہے اور اوترتا ہے
اور کہلتا ہے وہ اور کبہی فک ادغام سے یَحْلِلُ بہی پڑہتے ہین
یَحِلُّوْنَ حلال ہوتے ہین وہ یُحِلُّ حلال کرتا ہے اور اوتارتا ہے
وہ یُحِلُّوْنَ اوتارتے ہین اور حلال سمجہتے ہین وہ یُحَلَّوْنَ پہنائے
جائینگے وہ اصل مین یُحْلَيُوْنَ تہا یا قاعدہ صرفیہ سے گرگئی یُحِیْطُوْنَ
گہیرتے ہین اور پاتے ہین وہ یُحْمَدُوْا سراہے جائینگے وہ یُحْدِثُ
پیدا کرتا ہے اور از سر نو کہتا ہے وہ یُحَرِّمُ حرام کرتا ہے وہ یُحَرِّمُوْنَ
ناروا سمجہتے ہین وہ یَحِقُّ ثابت ہوتا ہے وہ یُحِقُّ درست
اور سچا کرتا ہے وہ یَحِیْقُ پکڑتا ہے اور گہیرتا ہے
اور واجب اور لازم ہوتا ہے وہ یَحُوْلُ اڑتا ہے
اور گہیرتا ہے وہ یُحْمٰی گرم کیا جائے گا اور
دہکایا جائے گا وہ یَحُوْرُ پہرتا ہے اور خراب

ہوتا ہے وہ یُحَاوِرُ سوال وجواب کرتا ہے وہ یَحْذَرُ ڈرتا ہے وہ
یَحْذَرُوْنَ ڈرتے ہین وہ یُحَذِّرُ ڈراتا ہے وہ یَحْفَظُوْنَ نگاہ
رکہتے ہین اور یاد کرتے ہین وہ یَحْفَظْنَ بچاتے ہین وہ یُحَافِظُوْنَ
نگہبانی کرتے ہین وہ یُحَاطُ گہیر جائیگا وہ یَحْلِفُوْنَ قسم کہاتی ہین
یَحْمِلُ اوٹہاتا ہے وہ یَحْمِلُوْنَ اٹہاتے ہین وہ یَحْمِلْنَ اوٹہاتی
ہین وہ یُحْمَلُ اوٹہایا جاتا ہے وہ یُحْبَرُوْنَ آؤبہگت کئے جائینگے
یعنے تعظیم کئے جائینگے وہ یَحْشُرُ جمع کرتا ہے وہ یُحْشَرُ جمع کیا
جاتا ہے وہ یُحْشَرُوْنَ جمع کئے جائینگے وہ یَحْسُدُوْنَ جلتے ہین اور
رشک کرتے ہین وہ یَحْبِسُ روکے ہے وہ یَحْبِطُ ناچیز کریگا وہ
یَحْضُرُوْنَ حاضر ہوتے ہین اور نزدیک ہوتے ہین وہ یَحِیْفُ ظلم
کرتا ہے وہ یُحْفِ بہت مانگتا ہے اور مبالغہ کرتا ہے وہ آخر سے
ی گرگئی یَحْطِمُ توڑے اور پیسے ہے وہ یَحْبِطُ ضائع کرتا ہے وہ
یُحْصِنَّ حیمن لاتی ہین وہ یُحَصِّنُ تیز کرتا ہے اور تاکید کرتا ہے وہ
یُحَارِبُوْنَ لڑائی کرتے ہین وہ ❁ فصل الیاء مع الخاء
یَخِصِّمُوْنَ دشمنی کرتے ہین اور جہگڑتے ہین وہ اصل ہین یَخْتَصِمُوْنَ
تہا تا صاد سے بدل کرکے آپسمین ادغام کردیا اور واسطے رعایت صاد
کے فاکلمہ کوبہی کسرہ دیا بیان اوسکا علم صرف مین مفصل مذکور ہے
یَخْتَصُّ خاص کرتا ہے وہ یُخَدِعُوْنَ فریب دیتے ہین وہ یُخَادِعُوْنَ
آپسمین فریب دیتے ہین اور کبہی مجرد کے معنے سے بہی آتا ہے
یَخْطَفُ اچک لیجاتا ہے وہ یَخْرُجُ باہر نکلتا ہے وہ یَخْرُجُوْنَ نکلتے
ہین وہ یُخْرَجُوْنَ باہر نکالے جائینگے وہ یُخْرِجُ نکالتا ہے اور باہر

ی خ

کرتا ہے وہ یُخْرِجَا نکالتے ہین وہ دونون اور نکالینگے یُخْرِجُوْنَ نکالتے ہین وہ
یُخْرِجْنَ نکالین وہ مُخْلِفُ خلاف وعدہ کرتا ہے وہ یُخَفِّفُ ہلکا کرتا
ہے وہ یُخَفَّفُ ہلکا کیا جائیگا یُخَوِّفُ ڈراتا ہے وہ یُخَوِّفُوْنَ ڈراتی
ہین وہ یَخَافُ ڈریگا وہ یَخَافَا ڈرتے ہین وہ دونون یَخَافُوْنَ ڈرتے
ہین وہ تَخْفٰے چھپتا ہے وہ یَخْفَوْنَ چھپتے ہین اور چھپین گے وہ
یُخْفُوْنَ چھپاتے ہین وہ یُخْفِیْنَ چھپاتین ہین وہ یَخْتَلِفُوْنَ
اختلاف کرتے ہین وہ یُخْرِبُوْنَ خراب اور ویران کرتے ہین وہ یَخْسَرُ
نقصان پاتا ہے وہ یُخْسِرُوْنَ نقصان پہنچاتے ہین وہ یَخْشٰے
ڈرتا ہے وہ یَخْشَوْنَ ڈرتے ہین وہ یَخْذُلُ خوار کرتا ہے وہ
یَخْصِفَانِ سیتے ہین اور جوڑتے ہین وہ دونون یعنے آدم اور حوّا
یَخْرُصُوْنَ اٹکل کرتے ہین اور جھوٹھ کہتے ہین وہ یَخْلُقُ پیدا کرتا ہے
وہ یَخْلُقُوْنَ پیدا کرتے اور بناتے ہین اور جھوٹھا باندھتے ہین وہ فی قولہ
تعالےٰ یَخْلُقُوْنَ اِفْکًا یُخْلَقُ پیدا کیا جائیگا وہ یُخْلَقُوْنَ پیدا کئے جاتی ہین وہ یُخْزِیْ
رسوا کرتا ہے وہ یَخِرُّوْنَ گرتے ہین وہ یَخْلُ خالی ہوگا وہ
واو آخر سے گرگیا یَخْتِمُ مہر کردیوے وہ یَخُوْضُوْنَ پیٹھتے ہین
اور بات مین گھستے ہین وہ یَخْلُدُ ہمیشہ رہتا ہے وہ یَخْتَارُ
پسند کرتا ہے وہ یَخْتَانُوْنَ دغا کرتے ہین اور چوری کرتے ہین
وہ یَخْسِفُ بے نور کرتا ہے وہ یَخْلُفُ پیچھے آتا ہے وہ
یُخَالِفُوْنَ مخالفت کرتے ہین وہ یَخْلُفُوْنَ خلیفہ ہوتے
ہین اور جانشین بنتے ہین وہ یُخَیَّلُ خیال کیا جاتا ہے اور سمجھا جاتا ہے وہ

فصل الیاء مع الدال

یَدٌ ہاتہ اور نعمت اور قوت یَدَا دو ہاتہ یَدَیۡنِ دو ہاتہ اور روبرو پن اضافت سے گرگیا یُدۡخِلُ داخل ہوتا ہے وہ یَدۡخُلُوۡنَ داخل ہوتے ہین وہ یُدۡخَلُ داخل کیا جائیگا وہ یُدۡخِلُ داخل کرتا ہے وہ یَدۡعُوۡ بلاتا ہے وہ یَدۡعُوۡنَ بلاتے ہین وہ یُدۡعٰے بلایا جاتا ہے وہ یُدۡعَوۡنَ بلائے جاتے ہین وہ یَدُعُّ دہکیلتا ہے اور نکال دیتا ہے وہ یُدَعُّوۡنَ دہکیلے جاوینگے وہ یُدۡہِنُوۡنَ مداہنت کرتے ہین وہ یَدۡرَؤُنَ دفع کرتے ہین اور کاشتے ہین وہ یَدِیۡنُوۡنَ دین اختیار کرتے ہین وہ یُدۡنِیۡنَ نزدیک کرتے ہین اور جہکاتے اور لٹکاتے ہین وہ یُدۡرِکُ پاتا ہے وہ اور پکڑلیگا وہ یُدَافِعُ دور کرتا ہے اور کریگا وہ یُدَبِّرُ تدبیر کرتا ہے وہ یَدَّبَّرُوۡا سوچتے ہین وہ یَدۡمَغُ توڑتا ہے اور پہوڑتا ہے وہ یُدۡحِضُوۡا ناچیز کرتے ہین وہ یَدُسُّ دابتا ہے وہ یَدۡرُسُوۡنَ پڑہتے ہین وہ یُدۡرِیۡ خبردار کرتا ہے وہ

ی ذ

فصل الیاء مع الذال

یُذَبِّحُ ذبح کرتا ہے اور گلا کاٹتا ہے وہ یُذَبِّحُوۡنَ ذبح کرتے ہین وہ یَذۡکُرُوۡنَ یاد کرتے ہین وہ یُذۡکَرُ یاد کیا جاتا ہے وہ یَذَّکَّرُ نصیحت پکڑتا ہے وہ یَذَّکَّرُوۡنَ نصیحت مانینگے وہ یَذَرُ چہوڑتا ہے وہ یَذَرُوۡنَ چہوڑتے ہین وہ یَذُوۡقُ چکہتا ہے وہ یَذُوۡقُوۡنَ چکہتے ہین وہ یُذِیۡقُ چکہاتا ہے وہ یَذۡہَبُ جاتا ہے وہ یَذۡہَبَا جاوے ہین وہ دونون اور یَذۡہَبَا بطریقتکو المثلیٰ بمعنے لیجاوے ہین وہ بار تقدیر کے ہے یَذۡہَبُوۡا جاتے ہین وہ یُذۡہِبُ لیجاتا ہے وہ یُذۡہِبۡنَ لیجاوین وہ ❊

ی ر

فصل الیاء مع الراء

یَرْقُبُوْنَ امید رکھتے ہین اور لحاظ کرتے ہین وہ یَرْجُوْا امید رکھتا ہے
وہ یَرْجُوْنَ امید رکھتے ہین وہ یَرْجِعُ پھرتا ہے وہ یَرْجِعُوْنَ پھرتے
ہین وہ یُرْجَعُ پھیرا جائیگا وہ یُرْجَعُوْنَ پھیرے جائینگے وہ یَرْجُمُوْا
سنگسار کرینگے وہ یَرٰی دیکھتا ہے وہ یَرَوْنَ دیکھتے ہین وہ یُرٰی
دیکھا جائیگا وہ یُرِیْ دکھاتا ہے وہ یُرَاؤُوْنَ اپنے تئین دکھلاتے
ہین وہ یُرِیْدُ ارادہ کرتا ہے وہ یُرِیْدَانِ ارادہ کرتے ہین وہ دونون
یُرِیْدُوْنَ ارادہ کرتے ہین وہ یُرَادُ ارادہ کیا جاتا ہے وہ یُرَدُّوْنَ
پھیرتے ہین وہ یُرَدُّ پھیرا جاتا ہے وہ یُرَدُّوْنَ پھیرے جاتے ہین وہ
یَرْتَدُّ پلٹتا ہے وہ اور کبھی یَرْتَدِدْ فک ادغام سے بھی پڑھتے ہین
یَرْدُوْنَ تباہ کرتے ہین وہ یَرْتَابُ شک کرتا ہے وہ یَرْتَابُوْا
شک کرتے ہین وہ یَرْفَعُ بلند کرتا ہے اور اوٹھاتا ہے وہ یَرْتَعْ چرتا ہے وہ
فراغت سے یَرْشُدُوْنَ راہ پاتے ہین وہ یُرْسِلُ بھیجتا ہے وہ
یُرْضِعْنَ دودھ پلاتے ہین وہ یَرْضٰی خوش ہوتا ہے وہ یَرْضَوْنَ
خوش ہوتی ہین وہ یَرْضَیْنَ خوش ہوتی ہین اور ہونگے وہ یُرْضُوْنَ
راضی کرتے ہین وہ یَرْكُضُوْنَ گھوڑا دوڑاتے ہین اور ایڑ کرتے ہین
وہ یَرْمِیْ پھینکتا ہے اور تہمت کرتا ہے وہ اور کبھی آخر سے یا گرجاتی
ہے یَرْمُوْنَ تہمت کرتے ہین اور عیب لگاتے ہین وہ یَرْزُقُ روزی
دیتا ہے وہ یُرْزَقُوْنَ روزی دیئے جائینگے وہ یَرْغَبُ خواہش
کرتا ہے اور انکار کرتا ہے وہ اور انکار کرنے اور منھ پھیرنے کے معنے
ہین اوسوقت آتا ہے کہ یہہ فعل ماقبل ہو اور حرف عن کا بعد اوس

۱- [illegible]

فعل کے واقع ہو یَہِیمُوا آتے ہو کرتے ہین وہ یَرْحَمُ مہربانی کرتا ہے وہ
یَرْہَبُونَ ڈرتے ہین وہ یَرْبِطُ باندہتا ہے اور مضبوط کرے گا وہ
یَرِثُ وارث ہوتا ہے وہ یَرِثُونَ وارث ہوتے ہین وہ
یَرْہَقُ ڈہانکتا ہے وہ یُرْہِقُ عاجز کرتا ہے اور ظلم کرتا ہے وہ
یَرْتَقُوا چڑہتے ہین وہ یَرْکُمُ تہ بہ تہ رکھیگا اور ڈہیر کرے گا وہ
یَرْکَبُونَ سوار ہوتے ہین وہ یَرْکَعُونَ رکوع کرتے ہین اور
جہکتے ہین وہ یَرُوجُ فائدہ مند ہوتا ہے وہ یُرْبِی بڑہاتا ہی وہ

فصل الیاء مع الزاء

ی ز

یَزَّکّے سنوارتا ہے اور پاک ہوتا ہے وہ یُزَکِّیْ پاک کرتا ہے وہ
یُزَکُّونَ پاک کرتے ہین اور سنوارتے ہین وہ یَزَالُ دور ہوتا ہے
اور جب اسپر حرف نفی آتا ہے بمعنے دوام اور قرار کے ہوتا ہے
قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا یَزَالُوْنَ سرکتے ہین
اور دور ہوتے ہین وہ یَزْنُوْنَ زنا کرتے ہین وہ یَزْنِیْنَ زنا کرینگے
وہ یَزِیْدُ زیادہ دیتا ہے اور بڑہاتا ہے وہ یَزِیْدُوْنَ بہت ہونگے وہ
یَزْدَادُ زیادہ ہوتا ہے وہ یَزْدَادُوْا بہت ہونگے یَزِیْغُ ٹیڑہا ہوگا وہ
یَزْعُمُوْنَ گمان کرتے ہین وہ یَزِفُّوْنَ دوڑتے ہین اور گہبراتے
ہین وہ یَزِرُوْنَ بوجھ اوٹہاتے ہین وہ یُزْجِیْ چلاتا ہے اور اوٹہاتا
ہے وہ یُزَوِّجُ جوڑا دیتا ہے اور ملاتا ہے وہ یُزْلِقُوْنَ پہسلاتے ہین اور ڈگاتے
ہین وہ

فصل الیاء مع السین

ی س

یَسَعُ نام ایک پیغمبر کا ہے علے نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام یَسْتَہْزِیْ
ہنسی کرتا ہے وہ یَسْتَہْزِءُوْنَ ٹہٹہا کرتے ہین وہ یُسْتَہْزِیْ ٹہٹہا کیا

کیا جاتا ہے وہ یَسْخَرُ ہنسی کرتا ہے وہ یَسْخَرُوْنَ ہنسی کرتے ہین وہ
یَسْتَسْخِرُوْنَ ہنسی کرتے ہین وہ یَسْتَحْسِرُوْنَ تھکتے ہین وہ -
یَسْتَحْیِیْ شرماتا ہے اور جیتا رکھتا ہے وہ یَسْتَحْیُوْنَ زندہ چھوڑتے
ہین وہ یَسْتَطِیْعُ طاقت رکھتا ہے وہ اور کبھی تی گرجاتے ہے
یَسْتَطِعْ رہتا ہے وہ یَسْتَطِیْعُوْنَ طاقت رکھتے ہین وہ -
یَسْتَغِیْثُوْنَ مدد چاہتے ہین اور فتح مانگتے ہین وہ یَسْتَجِیْبُ جواب
دیتا ہے اور قبول کرتا ہے وہ یَسْتَجِیْبُوْنَ جواب دیتے ہین وہ یَسْفِکُ
خون ریزی کرتا ہے وہ یَسْأَمُ تھکتا ہے وہ یَسْأَمُوْنَ ملول ہوتے
ہین وہ یَسُوْمُ چکھاتا ہے وہ یَسُوْمُوْنَ ستاتے ہین اور چکھاتے
ہین وہ یَسْمَعُ یَسَّمَّعُ سنتا ہے وہ یَسْمَعُوْنَ یَسَّمَّعُوْنَ سنتے ہین
وہ یُسْمِعُ سناتا ہے وہ یَسْتَمِعُوْنَ خوب سنتے ہین وہ اصل مین
یَتَسَمَّعُوْنَ تھا تے سین ہوگئی سین کو سین مین ادغام کیا
یَسْئَلُ مانگتا ہے اور پوچھتا ہے وہ یَسْئَلُوْنَ پوچھتے ہین
اور مانگتے ہین وہ یُسْئَلُ پوچھا جاتا ہے وہ یُسْئَلُوْنَ پوچھے
جائینگے وہ یَسْجُدُ سجدہ کرتا ہے وہ یَسْجُدَانِ سجدہ کرتے ہین
وہ دونون یَسْجُدُوْنَ سجدہ کرتے ہین وہ یُسَارِعُوْنَ دوڑتے
ہین وہ یَسْتَبْشِرُوْنَ خوش ہوتے ہین وہ یَسْتَعْفِفُ بچتا ہے
اور پرہیز کرتا ہے وہ یَسْتَعْفِفْنَ بچتے ہین وہ یَسْتَنْکِفُ ننگ
رکھتا ہے اور عیب جانتا ہے وہ یَسْتَضْعِفُ کمزور سمجھتا ہے وہ
یُسْتَضْعَفُوْنَ کمزور پائے جاتے ہین وہ یَسْتَخْلِفُ خلیفہ کرتا ہے
وہ یَسْتَثْنُوْنَ استثنا کرتے ہین وہ یعنی انشاء اللہ تعالے کہتے ہین

يُسَاقُوْنَ كهينچے جاتے هين وه يَسْتَوْفُوْنَ پورا ليتے هين وه يَسْتَفْتُوْنَ اجازت چاهتے هين وه يَسْتَحِبُّوْنَ دوست رکهتے هين اور پسند کرتے هين وه يَسْتَنْفِرُوْا بٹا کرتے هين وه يَسْتَغِيْثَانِ فرياد کرتے هين وه دونون يَسْتَغِيْثُوْا فرياد چاهتے هين وه يَسْتَفِزُّ پهسلاتا هے اور زمين سے باهر کرتا هے وه يَسْتَفِزُّوْنَ ڈگاتے هين وه يَسْتَخْرِجَا نکالين گے اور باهر کرينگے وه دونون يَسْتَنْبِطُوْنَ دريافت کرتے هين اور چنتے هين وه يَسْتَقْدِمُوْنَ جلدی کرتے هين اور پيشی کرتے هين وه يَسْتَاْخِرُوْنَ دير کرتے هين وه يَسُبُّوْا گالی ديتے هين اور برا کهينگے وه يُسَبِّحُ پاکی بولتا هے وه يُسَبِّحُوْنَ تسبيح کرتے هين وه يُسَبِّحْنَ پاکی سے ياد کرتے هين وه يُسَبَّحُ تسبيح کيا جاتا هے وه يُسْجَرُوْنَ هيرلی هين وه يَسْجُنُ قيد کرتا هے وه يُسْجَنُ قيد کيا جاتا هے وه يَسْتَغْفِرُ بخشش چاهتا هے وه يَسْتَغْفِرُوْنَ بخشش چاهتے هين وه يَسْتَبْدِلُ بدلتا هے وه يَسْتَعْجِلُ جلدی کرتا هے وه يَسْتَعْجِلُوْنَ جلدی کرتے هين اور شتابی چاهتے هين يَسْتَاْذِنُ پروانگی چاهتا هے وه يَسْتَاْذِنُوْنَ اجازت چاهتے هين وه يَسْخَطُوْنَ ناخوش هوتے هين وه يُسَيِّرُ چلاتا هے اور سير کرواتا هے وه يَسِيْرُوْا سير کرتے هين وه يَسْرِ چلتا هے اور رات کو سير کرتا هے وه اصل مين يَسْرِیْ تها یی واسطے رعايت فواصل کے گرگئی يُسْرٌ آسان هونا يُسْرًا سے آسانی يَسَّرَ آسان کيا اوسنے يَسَّرْنَا آسان کيا همنے يَسِّرْ آسان کر تو يَسِيْرٌ آسان اور تهوڑا يَسْتَنْبِئُوْنَ آگاهی چاهتے هين اور ڈهونڈتے هين وه يَسْتَخِفُّ هلکا سمجهتا هے وه يَسْتَخْفُوْنَ چهپتے هين وه يَسْتَغْشُوْنَ کپڑے لپيٹتے هين اور چهپاتے هين وه

يَسْتَوِي برابر ہوتا ہے وہ يَسْتَوِيَانِ برابر ہین وہ دونون ؛
يَسْتَوُونَ برابر ہوتے ہین وہ يَسْقِي پلاتا ہے وہ يَسْقُونَ
پلاتے ہین وہ يُسْقَى پلایا جاتا ہے وہ يُسْقَوْنَ پلائے جاتے
ہین وہ يَسْقِينَ پلاتے ہین وہ يَسْرِقُ چراتا ہے وہ يَسْرِقُونَ
چراتے ہین وہ يَسِيغُ آسانی سے حلق سے اترتا ہے وہ يَسْلُكُ
چلتا ہے وہ يُسْرِفُ اسراف کرتا ہے اور بیفائدہ خرچ کرتا ہے وہ
يُسْرِفُوا اسراف کرتے ہین وہ يُسِرُّونَ چھپاتے ہین وہ يُسَلِّمُ
سونپتا ہے وہ يُسْلِمُونَ اسلام لاتے ہین اور تابعداری کرتے ہین
يُسَلِّمُوا قبول کرتے ہین اور سلام کرتے ہین وہ يُسْحِتُ ہلاک
کرتا ہے اور ہڈی جدا کرتا ہے وہ يَسْعَى دوڑتا ہے وہ يَسْعَوْنَ
دوڑتے ہین اور کوشش کرتے ہین وہ يَسْتَكْبِرُ غرور کرتا ہے وہ ؛
يَسْتَكْبِرُونَ نخوت کرتے ہین وہ يَسْبِتُونَ ہفتہ کرتے ہین وہ
يَسْبِقُ آگے ہوتا ہے وہ يَسْبِقُونَ سبقت کرتے ہین وہ يَسْطُونَ
حملہ کرتے ہین اور قہر کرتے ہین وہ يَسْلُبُ لیجاتا ہے وہ يَسْتَنْقِذُوا
چھینتے ہین اور خلاص کرتے ہین وہ يَسْتَصْرِخُ فریاد چاہتا ہے وہ
يُسْتَعْتَبُونَ عتاب رفع کئے جائینگے یعنے منائے جائینگے وہ يَسْتَنْكِحُ
نکاح مین لاتا ہے وہ يَسْتَنْكِحَا نکاح مین لاتے ہین وہ دونون
يُسْجَرُونَ گرم کئے جائینگے وہ يُسْحَبُونَ کھینچے جائین گے وہ
يَسْكُنُ رہتا ہے وہ يَسْكُنُوا رہتے ہین وہ يُسْكِنُ آرام دیتا ہے
اور ٹھیراتا ہے وہ يُسَمُّونَ نام رکھتے ہین وہ يَسْطُرُونَ لکھتے
ہین وہ يُسَلِّطُ غالب کرتا ہے اور غلبہ دیتا ہے وہ ؛

يَسْتَيْقِنُ باور کرتا ہے وہ يَسْتَقِيْمُ سيدھا ہوتا ہے وہ يَسْتَمِعُ سنا کرتا ہے

ی ش

فصل الياء مع الشين

يَشْرِيْ بيچتا ہے وہ اور کبھی معنے خريدنے کے بھی آتا ہے۔
يَشْرُوْنَ مول ليتے ہيں وہ يَشْتَرِيْ خريد کرتا ہے اور مول
ليتا ہے وہ اور کبھی بمعنے بيچنے کے بھی آتا ہے يَشْتَرُوْنَ خريد
کرتے ہيں وہ يَشَاءُ چاہتا ہے وہ يَشَاءُوْنَ چاہتے ہيں وہ
يَشَّقَّقُ پھٹتا ہے وہ اصل ميں يَتَشَقَّقُ تھا تے شين ہو کر ادغام
ہوئے يُشَاقِقْ مخالفت کرتا ہے اور دشمنی کرتا ہے وہ اور کبھی
ادغام کر کے يُشَاقِّ الرَّسُوْلَ بھی پڑھتے ہيں يَشْهَدُ گواہی ديتا ہے
اور حاضر ہوتا ہے وہ يَشْهَدُوْنَ حاضر ہوتے ہيں اور گواہی ديتے
ہيں وہ يَشْكُرُ شکر کرتا ہے وہ يَشْكُرُوْنَ شکر کرتے ہيں
اور تعريف فرماتے ہيں وہ يَشْقٰى مشقت ميں پڑيگا وہ يَشْفَعُ
سفارش گناہوں کی کرتا ہے وہ يَشْفَعُوْنَ درخواست گناہوں کی
کرتے ہيں اور گناہ بخشواتے ہيں وہ يَشْرَبُ پيتا ہے يَشْرَبُوْنَ
پيتے ہيں وہ يُشْرِكُ شريک کرتا ہے وہ يُشْرِكُوْنَ شريک
کرتے ہيں وہ يُشْرِكْنَ شريک کرتے ہيں وہ يُشْرَكُ مشرک
کہا جاتا ہے وہ يُشْعِرُ خبر کرے گا وہ يَشْعُرُوْنَ جانتے ہيں اور خبردار
ہوتے ہيں وہ يَشْرَحُ کشادہ ہوتا ہے وہ يَشْتَهُوْنَ خواہش کرتی
ہيں وہ يَشْفِيْ چنگا کرتا ہے وہ يَشْقٰى بدبخت ہوتا ہے وہ
يَشْوِيْ بھونتا ہے اور جلاتا ہے وہ ❋

ی ص

فصل الياء مع الصاد

يَصُومُ روزہ رکھتا ہے وہ مَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ واو بسبب
اجتماع ساکنین کے گر گیا يُصَلِّي نماز پڑھتا ہے اور درود بھیجتا ہے وہ
يُصَلُّونَ نماز پڑھتے ہیں اور رحمت بھیجتے ہیں وہ يَصْلَى آگ کو پہنچتا ہے
وہ يَصْلَوْنَ آگ کو پہنچتے ہیں اور پہنچیں گے وہ يَصِلُونَ جوڑتے
ہیں اور ملاتے ہیں وہ يُصَلَّبُ سولی دیا جائیگا اور بھونا جائیگا اور
ہڈے سے مغز نکالا جائیگا وہ يُصَلَّبُوا سولی دیئے جائیں گے وہ
يُصْلِحُ اصلاح کرتا ہے وہ يُصْلِحَا درست کرتے ہیں اور موافقت
کرتے ہیں وہ دونوں يُصْلِحُونَ سنوارتے ہیں وہ يَصْطَفِي چن لیتا
ہے وہ يُصِيبُ پہنچتا ہے وہ يُصَبُّ ڈالا جائے گا وہ
يَصْنَعُ بناتا ہے وہ يَصْنَعُونَ بناتے ہیں اور کرتے ہیں وہ
يَصْبِرُ سہارتا ہے وہ يَصْبِرُوا صبر کرتے ہیں وہ يُصِرُّ
ہٹ کرتا ہے وہ يُصِرُّونَ ہٹ کرتے ہیں اور اڑ کرتے ہیں وہ
يَصْدُرُ اتہلیگا وہ يُصْدِرُ پہیرے گا وہ يَصْعَدُ چڑہتا ہے
وہ يَصَّعَّدُ مشکل سے چڑہتا ہے وہ يَصُدُّ روکتا ہے وہ
يَصُدُّونَ روکتے ہیں وہ يُصَدِّقُ سچاتا ہے وہ يُصَدِّقُونَ
سچاتے ہیں وہ يَصَّدَّقُوا خیرات کرتے ہیں وہ يَصَّدَّعُونَ جدا
جدا ہونگے يُصَدَّعُونَ سر دکھائے جائینگے وہ يُصْحَبُونَ
مصاحبت کئے جائینگے وہ يَصْرِفُ پہیرتا ہے وہ يُصْرَفُ
پہیرا جائیگا وہ يُصْرَفُونَ پہیرے جائیں گے وہ يَصِفُونَ
سراہتے ہیں وہ يُصْعَقُونَ بیہوش کئے جائیں گے وہ يُصْهَرُونَ
تؤدیں گے وہ يَصْطَرِخُونَ فریاد کرتے ہیں وہ يَصْفَحُوا درگذر

کرتے ہین وہ یَصُدُّوْنَ کنارہ کرتے ہین وہ یُصْهَرُ پگہلایا جائیگا یُصْبِحُ صبح کریگا اور ہوجائیگا وہ یُصْبِحُوْا ہونگے وہ یُصَوِّرُ صورت بناتا ہے اور پیدا کرتا ہے وہ ❖

ی ص

فصل الیاء مع الضاد ❖

یَضْرِبُ بیان کرتا ہے اور مارتا ہے وہ یَضْرِبُوْنَ مارتے ہین اور چلتے ہین اور بیان کرتے ہین وہ یَضْرِبْنَ مارتین ہین اور پہنتین ہین وہ یَضُرُّ نقصان کرتا ہے وہ یَضُرُّوْنَ نقصان پہنچاتے ہین وہ یُضَآرُّ نقصان پہنچایا جائیگا وہ یَضِلُّ بہکتا ہے وہ یُضَلُّ گمراہ کئے جاتے ہین وہ یُضِلُّ گمراہ کرتا ہے وہ اور فک ادغام سے یُضْلِلْ بہی پڑہتے ہین یُضِلُّوْنَ گمراہ کرتے ہین وہ یُضِیْعُ ناچیز کرتا ہے وہ یَضَعُ رکہتا ہے وہ یَضَعْنَ رکہتین ہین اور جنتین ہین وہ یَضِیْقُ تنگی کرتا ہے وہ یُضَاهِئُوْنَ ریس کرتے ہین وہ یعنے مشابہت کرتے ہین وہ یُضٰعِفُ دونا کرتا ہے وہ یُضٰعَفُ دونا کیا جائیگا وہ یُضَیِّفُوْا مہمانی کرینگے وہ ❖ یَضَّرَّعُوْنَ گڑگڑاتے ہین وہ یَضْحَكُوْنَ ہنستے ہین وہ یُضِیْٓءُ روشنی کرتا ہے

ی ط

فصل الیاء مع الطاء

یَطُوْفُ پہرتا ہے وہ یَطُوْفُوْنَ پہرتے ہین وہ یُطَافُ پہرایا جاتا ہے وہ یَطَّوَّفَ طواف کرے وہ یَطَّوَّفُوْا خوب طواف کرتے ہین وہ یَطْعَمُ کہاتا ہے وہ یُطْعَمُ کہلایا جاتا ہے وہ یُطْعِمُ کہلاتا ہے وہ یُطْعِمُوْنَ کہلاتے ہین وہ یُطَوَّقُوْنَ طوق پہنائے جائینگے وہ یُطِیْعُ حکم کرتا ہے وہ یَطْمَئِنُّ آرام پکڑتا ہے وہ ❖

يُطَهِّرُ پاک کرتا ہے وہ يَطَّهَّرُونَ پاک ہوتے ہین وہ اور حمزہ اور کسائی اور عاصم اور عباس نے يَطَّهَّرُونَ تشدید طا اور ہا سے پڑہا ہے یعنے خوب پاک ہووین اے نہالیوین يُطْلِعُ آگاہ کرتا ہے وہ يَطْمَعُ حرص کرتا ہے وہ يَطْمَعُونَ بہروسا کرتے ہین اور آرزو رکہتے ہین وہ يَطُوفُونَ کہند لتے ہین وہ يَطْلُبُ ڈہونڈہتا ہے وہ يَطَّيَّرُوا شومی پکڑتے ہین اور فال بد دیکہتے ہین وہ يُطْعِمُ اوڑتا ہے وہ يُطْفِئُوا بجہاتے ہین وہ يَطْغَى سرکشی کرتا ہے وہ يُطِيعُ فرمان برداری کرتا ہے وہ يُطِيعُونَ پیروی کرتے ہین وہ يُطَاعُ حکم مانا جائیگا وہ يُطِيقُونَ طاقت رکہتے ہین وہ يَطْمِثُ ساتہہ سوتا ہے اور ہاتہہ لگاتا ہے اور چہوتا ہے

فصل الیاء مع الظاء

ی ظ

يَظُنُّ گمان کرتا ہے وہ يَظُنُّونَ گمان کرتے ہین وہ يَظْلِمُ بے انصافی کرتا ہے وہ يَظْلِمُونَ ظلم کرتے ہین وہ يُظْلَمُونَ ظلم کیے جائینگے وہ يُظْهِرُ ظاہر کرتا ہے اور غالب کرتا ہے وہ يَظْهَرُونَ چڑہتے ہین اور غالب ہوتے ہین وہ يُظَاهِرُونَ آپسمین مدد کرتے ہین وہ يَظْلَلْنَ ہوتے ہین اور سایہ ڈالتے ہین وہ

فصل الیاء مع العین

ی ع

يَعْقُوبُ نام بیٹے اسحٰق کا ہے علے نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام لقب انکا اسرائیل ہے ذکر انکا قرآن مین مفصل ہے يَعُوقُ ترکنا جیسا اور نام بت کا ہے کہ قوم نوح علیہ السلام کی نے اسکو بصورت شیر کے بنایا تہا اور اسکو مظہر قوت الٰہی کا جانکے پوجتے تہے اور ہنود

اسکو شیو کہتے ہین حقیقت مین نام ایک بیٹے ادریس علیہ السلام کا ہے
شیطان کے فریب سے بصورت بت کے بنا کے پوجتے تہے بعد
طوفان کے بنو کہلان کے ہاتہہ لگا اور انسی بنو ہمدان کو پہنچا
یَعْفُوْ معاف کرتا ہے وہ یَعْفُوْا معاف کرتے ہین وہ فی قولہ
تعالےٰ فَلْیَعْفُوْا وَلْیَصْفَحُوْا الایۃ ۞ یَعْفُوْنَ معاف کرتے ہین اور
گذرتی ہین وہ فی قولہ تعالےٰ اِلَّا اَنْ یَّعْفُوْنَ اَوْیَعْفُوَا الَّذِیْ بِیَدِہٖ
عُقْدَۃُ النِّکَاحِ ۞ یَعَضُّ کاٹ کہاویگا وہ یَعْقِلُ سمجہتا ہے وہ یَعْلَمُ
جانتا ہے وہ یَعْلَمُوْنَ جانتے ہین وہ یُعَلِّمُ سکہاتا ہی وہ یُعَلِّمَانِ
سکہاتے ہین وہ دونون یُعَلِّمُوْنَ سکہاتے ہین وہ یَعِدُ وعدہ
دیتا ہے وہ یَعْدُوْنَ حد سے بڑہتے ہین وہ یَعْتَدُوْنَ حد سے
تجاوز کرتے ہین وہ یَعُوْدُوْنَ پہرتے ہین وہ یُعِیْدُ پہیرتا ہے
یُعِیْدُوْا پہیرتے ہین اور پہیرینگے وہ یُعْلِنُوْنَ ظاہر کرتے ہین وہ
یَعْقِلُوْنَ عقل رکہتے ہین وہ یُعْجِبُ خوش آتا ہے وہ یَعْمَلُ کام
کرتا ہے وہ یَعْمَلُوْنَ کام کرتے ہین وہ یَعِظُ نصیحت کرتا ہے وہ
یَعْیٰ تہکتا ہے وہ یَعْمُرُ آباد کرتا ہے وہ یَعْمُرُوْا آباد کرتے
ہین وہ یُعَمَّرُ عمر دراز کیا جائیگا وہ یَعْصِ نافرمانی کرتا ہے
یا آخر سے گر گئے یَعْصُوْنَ نافرمانی کرتے ہین وہ یَعْصِیْنَ نافرمانی
کرتے ہین وہ یُعْطٰی دیتا ہے وہ یُعْطُوْا دیتے ہین وہ یُعْطُوْا دیئے
جاینگے وہ یَعُوْذُوْنَ پناہ لیتے ہین وہ یَعْرِشُوْنَ چہت بناتے ہین
اور منڈوا چڑہاتے ہین وہ یَعْمَہُوْنَ اوندہے ہوتے ہین اور سرگردانی
کرتے ہین وہ یَعْدِلُوْنَ انصاف کرتے ہین اور برابر کرتے ہین اور

تجاوز کرتے ہین وہ یَعْجِزُ عاجز کرتا ہے وہ یُعْجِزُوْنَ
تھکا دینگے وہ یَعْبُدُ پوجتا ہے وہ یَعْبُدُوْنَ پوجتے
ہین وہ یُعْرَضُ روبرو کیا جائیگا وہ یُعْرَضُوْنَ ظاہر
کیئے جائینگے وہ یُعْرِضُ موںھہ پہیرتا ہے وہ یُعْرِضُوْا
موںھہ پہیرینگے وہ یَعْرِفُوْنَ پہچانتے ہین وہ یُعْرَفُ پہچانا
جاتا ہے وہ یُعْرَفْنَ پہچانین جاتین ہین وہ یَعْتَذِرُوْنَ بہانہ
کرتے ہین وہ یَعْصِرُوْنَ نچوڑتے ہین وہ یُعَظِّمُ بزرگ کرتا ہی
اور بڑا سمجھتا ہے وہ یُعَظِّمُ بزرگ رکھے وہ یَعْصِمُ بچاتا ہے
وہ یَعْتَصِمُ چنگل مارتا ہے وہ یَعْزُبُ چھپتا ہے اور دور
ہوتا ہے وہ یَعْبَؤُ پروا کرتا ہے اور بھاری سمجھتا ہے وہ یُعَجِّلُ
شتابی کرتا ہے وہ یَعْتَزِلُوْا کنارہ پکڑتے ہین وہ یُعَقِّبُ
دیر کرتا ہے اور پیچھے کرتا ہے وہ یَعْرُجُ چڑھتا ہے وہ یَعْرُجُوْنَ
چڑھتے ہین وہ یُعَذِّبُ شکنجے مین لیتا ہے وہ یَعْمَهُوْنَ سرگردان
ہوتے ہین وہ یَعْشُ اعراض کرتا ہے اور موںھہ پہیرتا ہے
وہ اصل مین یَعْشُوْا تھا واو آخر سے گر گیا ؛

فصل الیاء مع الغین

ی غ

یَغُوْثُ فریاد پہنچتا ہے وہ نام ہے ایک بت کا کہ قوم نوح علیہ السلام اسکو
مظہر غیاث المستغیثین کا سمجھکر بصورت گھوڑے کے بناکر پوجتے تھے
اور مشکل کے وقت پکارتی تھی اور ہنود اسکو اندر کہتے ہین اور حقیقت مین
یہہ نام تھا ایک بیٹے ادریس علیہ السلام کا آخر کو بنی مطے کے ہاتہ لگا
اُنھنے بنو ناجیہ سے چھین لیا اور مدت تک پوجتے تھے یَغُضُّوْنَ

غوطی لگاتی ہین وہ یُغَاثُ مینہہ دیئے جائین گے وہ یَغُاثُوا فریاد پہنچے جائینگے وہ نون آخر سے گر گیا یَغْنٰی بے پروا کرتا ہے وہ یَغْنِیَا بے پروا کرتے ہین وہ دو نون نون اعرابی گر گیا یَغْنَوْا بے نیاز کرتے ہین وہ نون آخر سے ساقط ہوگیا یَغْنَوْا رہتے ہین وہ اور تھے نون اعرابی گر گیا یُغَادِرُ چھوڑتا ہے وہ یَغْفِرُ بخشتا ہے وہ یَغْفِرُوْنَ بخشتے ہین وہ یُغْفَرُ بخشا جائیگا اور گناہ ڈھانپا جائیگا وہ یَغْشٰی ڈھانپتا ہے یُغْشِیْ ڈھانپتا ہے وہ یُغْشٰی چھپاتا ہے وہ یَغْلِبُ غالب ہوگا وہ یَغْلِبُوْا غالب ہونگے وہ نون گر گیا یُغْلَبُوْنَ مغلوب ہونگے وہ یَغُضُّوْنَ آنکھہ نیچے کرتے ہین وہ یَغْضُضْنَ آنکھہ نیچے کرتین ہین وہ یَغِیْظُ خفا کرتا ہے وہ یُغَیِّرُ بدلتا ہے وہ یُغَیِّرُوْا بدلتے ہین وہ یَغُرُّ فریب دیتا ہے وہ اور کبھی یَغْرُرْ فک ادغام سے بھی پڑھتے ہین یُغْرِقُ ڈبواتا ہے وہ یَغْلِیْ کھولیگا یعنے جوش کھائیگا وہ یَغْتَبْ غیبت کرتا ہے وہ یُغْوِیْ بے راہ کرتا ہے وہ یَغُلُّ چھپاتا ہے وہ اور خیانت کرتا ہے وہ اور کبھی یَغْلُلْ فک ادغام سی بھی پڑھتے ہین

	## فصل الیا مع الفا	

ی ف

یُفْسِدُ بگاڑتا ہے وہ یُفْسِدُوْنَ خرابے کرتے ہین وہ یُفْلِحُ مراد کو پہنچتا ہے وہ یُفْلِحُوْنَ مراد کو پہنچین گے وہ یَفْعَلُ کرتا ہے وہ یَفْعَلُوْنَ کرتے ہین وہ ۔ یُفْعَلُ کیا جاتا ہے اور کیا جائیگا وہ یَفْرَحُ خوش ہوتا ہے

يَفْرَحُوْنَ خوش ہوتے ہین وہ يَفْتَرِيْ افترا کرتا ہے وہ يَفْتَرُوْنَ
بہتان کرتے ہین وہ يَفْتَرِيْنَ افترا کرینگے اور جہوٹہہ باندہ ہین گہڑے وہ
يُفْتَرٰي جہوٹہہ باندہا جاتا ہے وہ يُفَتَّرُ ہلکا کیا جائیگا وہ يَفْتِنُ
آزماتا ہے وہ يُفْتَنُوْنَ جانچتی ہین وہ يُفْتَنُوْنَ جانچے جاتے ہین اور
عذاب کئے جاتے ہین وہ يَفْتَدِيْ فدیہ دیتا ہے اور چہڑوائی دیتا ہی وہ
يُفْتَدُوْا چہڑوائی دیئے جائینگے وہ يَفْصِلُ جدا کرتا ہے اور فیصلہ
کرتا ہے وہ يُفَصِّلُ بیان کرتا ہے وہ يَفْجُرُ نافرمانی کرتا ہے وہ
يُفَجِّرُوْنَ بہاتی ہین وہ يَفْتَحُ کہولتا ہے وہ يَفْسَحُ کشادہ کرتا ہی وہ
يُفَرِّقُوْنَ جدائی ڈالتے ہین وہ يُفْرَقُ فرق کیا جائیگا وہ يُفَرِّقُوْنَ
تفریق کرتے ہین اور پہوٹ ڈالتے ہین وہ يَفْقَهُوْنَ جانتے ہین اور سمجہتے
ہین وہ يُفْرِطُ سرکشی کرتا ہے اور تقصیر کرتا ہے وہ يُفَرِّطُوْنَ قصور
کرتی ہین وہ يُفْتِيْ فتوی دیتا ہی وہ يَفِرُّ بہاگتا ہی وہ يَفْسُقُوْنَ نافرمانی کرتی ہین

فصل الیا مع القاف

ی ق

يَقُوْلُ کہتا ہے وہ يَقُوْلَا کہتے ہین وہ دونون يَقُوْلُوْنَ کہتے ہین
سب يُقَالُ کہا جاتا ہے وہ يَقُوْمُ کہڑا ہوتا ہے وہ يَقُوْمَانِ کہڑے ہوتے
ہین وہ دونون يَقُوْمُوْنَ کہڑے ہوتے ہین وہ يُقِيْمَا کہڑے کرتے ہین وہ
دونون يُقِيْمُوْنَ درست کرتی ہین اور قائم رکہتے ہین وہ يَقْطَعُ کاٹتا ہے
وہ يَقْطَعُوْنَ کاٹتے ہین وہ يَقْبَلُ قبول کرتا ہے وہ يُقْبَلُ قبول
کیا جاتا ہے وہ يَقْتُلُ قتل کرتا ہے وہ يُقَتِّلُوْنَ جان سے مارتی ہین وہ
يَقْتُلْنَ مارتی ہین وہ يُقْتَلُ مارا جاتا ہے وہ يُقْتَلُوْنَ مارے جاتی
ہین وہ يُقَاتِلُ لڑائی کرتا ہے وہ يُقَاتِلُوْنَ آپسمین لڑائی کرتی ہین

یَقتَتِلَانِ لڑائی کرتی ہین عورتین دو نون یُقَتَّلُون ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہین وہ یُقَتَّلُوا پارہ پارہ کیئے جاینگے وہ یُقلِبُ پھیرتا ہے اور پلٹتا ہے وہ یُقرِضُ اُدہار دیتا ہے وہ یُقَبِّضُ تنگ کرتا ہے وہ یُقبِضُونَ تنگ کرتے ہین وہ یَقبِضنَ تنگ کرتے ہین اور جلد چلتی ہین وہ یَقتَرِفُ کماتا ہی وہ یَقتَرِفُونَ کماتی ہین وہ یَقُصُّ بیان کرتا ہے وہ یَقُصُّونَ بیان کرتی ہین وہ یَقتَرِبُوا نزدیک ہوتی ہین اور ہو نگے وہ یَقتَرِبُوا نزدیک کردین وہ یَقضِے حکم کرتا ہے وہ اور کبھی ی آخر سے گرجاتے ہے یَقضُونَ حکم کرتے ہین وہ یُقضٰے حکم کیا جاویگا وہ یُقَلِّلُ کم کرتا ہے وہ یَقدِرُ قدرت رکھتا ہے اور تنگ کرتا ہے یَقدِرُونَ قدرت رکھتے ہین وہ یُقَدِّرُ اندازہ کرتا ہے وہ یَقتَسِمُوا آپسکے کرتے ہین وہ یُقسِمُ بانٹتا ہے وہ یُقسِمَانِ سوگند کہاتے ہین وہ دونون ۔ یَقسِمُونَ حصہ کرتے ہین وہ یَقنَطُ نا امید ہوتا ہی وہ یَقنَطُونَ نا امید ہوتے ہین وہ یَقدُمُ آگے چلتا ہے وہ یَقنُتُ فرمانبرداری کرتا ہے وہ یَقذِفُ پھینکتا ہے وہ یَقذِفُونَ پھینکتے ہین وہ یُقذَفُونَ پھینکے جاینگے وہ یُقصِرُونَ کم کرتے ہین وہ یَقطِینٌ درخت کدو اور ہر درخت بیلدار یَقِینٌ بیشک اور موت یَقرَءُونَ پڑھتے ہین وہ

فصل الیاء مع الکاف

ی ک

یَکذِبُونَ جھوٹ بولتے ہین وہ یُکَذِّبُ جھٹلاتا ہے وہ یُکَذِّبُونَ جھٹلاتی ہین وہ یَکفُرُ منکر ہوتا ہے وہ یَکفُرُونَ منکر ہوتی ہین یُکفَرُوا ناشکری کئے جاینگے وہ یُکَفِّرُ دور کرتا ہے وہ یَکبُرُ بڑا ہوتا ہے وہ یَکبُرُوا بڑے ہوتے ہین وہ یَکسِبُ کماتا ہے وہ

یَکْسِبُوْنَ کماتی ہین وہ یَکُوْنُ ہوتا ہے وہ اور کبھی واو گر جاتا ہی یَکُنْ رہتا ہے اور کبھی نون ہی گر جاتا ہے یَکُ رہتا ہے یَکُوْنَا ہون وہ دونون یَکُوْنُوْنَ ہونگے وہ یَکِیْتُ ذلیل کرتا ہے وہ یُکَلِّفُ تکلیف دیتا ہے وہ یَکْتُمُ چھپاتا ہے وہ یَکْتُمُوْنَ چھپاتی ہین وہ یَکْتُمْنَ چھپاتیمنا ہین وہ یَکْتُبُ لکھتا ہے وہ یَکْتُبُوْنَ لکھتے ہین وہ یَکْلَؤُ بچاتا ہے وہ یُکَوِّرُ لپیٹتا ہے اور خوار کرتا ہے وہ یَکَادُ نزدیک ہے وہ اور کبھی الف گر جاتا ہے یَکَدْ رہتا ہے یَکَادُوْنَ نزدیک ہین وہ یَکِیْدُوْنَ فریب کرتے ہین وہ یَکْفُلُ ضامن ہوتا ہے وہ یَکْفُلُوْنَ قبول کرتے ہین وہ یُکْرِہُ زبردستی کرتا ہے وہ یَکْرَہُوْنَ ناخوش جانتے ہین وہ یَکْفِیْ کفایت کرتا ہے وہ یُکَلِّمُ بات کرتا ہی وہ یَکْنِزُوْنَ خزانہ گاڑتے ہین وہ یَکُفُّ باز رکھتا ہے وہ یَکُفُّوْنَ باز رکھتی ہین یَکْشِفُ کھولتا ہے وہ یُکْشَفُ کھولا جاتا ہے وہ ؎ ؎ ؎

فصل الیاء مع اللام

ی ل

یَلُوْنَ نزدیک ہوتی ہین وہ یَلْوُوْنَ لپیٹتے ہین اور پھیرتی ہین وہ یَلْبَسُ پہنے وہ یَلْبَسُوْنَ پہنینگے وہ یَلْبِسُ ملا دے وہ یَلْبِسُوْنَ شبہ مین ڈالتے ہین وہ یَلْبِسُوْا ملاوین اور چھپاوین وہ یَلْعَنُ لعنت کرتا ہے وہ یَلْعَبُ کھیلتا ہے وہ یَلْعَبُوْنَ کھیلتے ہین وہ یَلِجُ داخل ہوتا ہے وہ یُلْحِدُوْنَ حق سے پھرتے ہین وہ یَلْبَثُوْنَ دیر کرتے ہین وہ یَلْحَقُوْا ملتے ہین وہ نون اعرابے گر گیا یَلْقٰی ملاقات کرتا ہے وہ ی آخر سے گر گئے یَلْقَوْنَ پہنچتے ہین وہ یُلَاقُوْا ملاقات

کرینگے وہ يُلْقِيْ ڈالتا ہے وہ ی آخر سے گر گئے يُلْقُوْا ڈالتے ہین وہ
يُلْقٰى ڈالا جائیگا وہ يُلَقّٰى ملاقات کیا جائیگا وہ يُلٰقُوْنَ ملاقات
کئے جائینگے اور ملینگے وہ يَلْتَقِيَانِ ملتے ہین وہ دونون يَلْتَفِتُ
متوجہ ہوتا ہے وہ يَلْتَقِطُ اوٹہالیتا ہے اور چن لیتا ہے وہ يُلْهِ
مشغول کرتا ہے وہ اصل مین يُلْهِيْ تہا ی آخر سے گر گئی يَلْهَثُ
زبان نکالتا ہے اور پیاسا ہوتا ہے وہ يَلِتْ کم کرتا ہے وہ
يَلْمِزُ وہ اونگلیون سے بتاتا ہے اور طعنہ کرتا ہے وہ يَلْمِزُوْنَ
عیب کرتے ہین اور آنکہون سے اشارہ کرتے ہین وہ يَلِدْ جنتا ہے
يَلِدُوْا جنتے ہین وہ نون اعرابی گر گیا يَلْفِظُ بولتا ہے وہ

فصل الیا مع المیم

ی م

يَمِيْن قسم اور دہنے طرف اور قوت اور اصحاب الیمین نام ہے
جنتیون کا کہ روز میثاق کے دہنے طرف سے آدم کے نکلے تہے
اور دنیا مین بہی راستی شعار تہے اور موقف مین بہی قیامت کے
دن دہنے طرف عرش کے کہڑے ہونگے اور نامۂ اعمال بہی دہنی ہاتہ
مین دیئے جائینگے اور جنت مین کو دہنے طرف عرش کے ہے روانہ ہونگے
اور اصحاب المیمنۃ بہی انہین کو کہتے ہین اور اصحاب الشمال اور اصحاب
المشئمۃ برخلاف اونکے ہین يَمُنُّ احسان رکہتا ہے وہ يَمُنُّوْنَ
احسان رکہتے ہین وہ يُمَنِّيْ آرزو مین ڈالتا ہے وہ يُمْنٰى ٹپکایا
جاتا ہے اور گرایا جاتا ہے وہ يَمْلِكُ مالک ہوتا ہے وہ
يَمْلِكُوْنَ مالک ہوتے ہین وہ يَمْهَدُوْنَ تیار کرتے
ہین وہ يَمَسُّ چہوتا ہے اور پہنچتا ہے وہ

اور کبھی فک ادغام سے یَمْسَسْنَ بھی پڑھتے ہین فی قولہ تعالیٰ اِنْ یَمْسَسْکَ
اللّٰہ بِضُرٍّ الخ یُمَکِّنُ قدرت دیتا ہے وہ یُمْسِکُ نگاہ رکھتا ہے وہ
یُمَسِّکُوْنَ چنگل مارتی ہین اور مضبوط پکڑ لیتے ہین وہ یَمُدُّ کھینچتا ہے
اور دراز کرتا ہے وہ اور فک ادغام سے یَمْدُدْ بھی آیا ہے یَمُدُّوْنَ
کھینچتے ہین وہ یُمِدُّ مدد کرتا ہے وہ اور فک ادغام سے یُمْدِدْ بھی آیا ہے
یَمْکُرُ داؤ کرتا ہے وہ یَمْکُرُوْنَ فریب کرتی ہین وہ یَمُوْتُ مرتا ہے
وہ اور کبھی واؤ گر جاتا ہے یَمُتْ پڑھتے ہین یَمُوْتُوْنَ مرتے
ہین اور مرینگے وہ یُمِیْتُ مارتا ہے وہ یَمْحُوْ مٹاتا ہے وہ اور
کبھی واؤ گر جاتا ہے یَمْحُ رہتا ہے یَمْحَقُ ناچیز کرتا ہے اور گھٹاتا ہے
وہ یَمُرُّوْنَ گذرتی ہین وہ یَمْکُثُ ٹھیرتا ہے وہ یَمْتَرُوْنَ شک
کرتے ہین وہ یُمَارُوْنَ جھگڑا کرتے ہین وہ یُمِلُّ یاد سے لکھاتا ہے
وہ اور فک ادغام سے یُمْلِلْ بھی آیا ہے یَمْنَعُوْنَ منع کرتے
ہین وہ یُمَتِّعُ فائدہ مند کرتا ہے وہ یُمَتَّعُوْنَ برخوردار کیے جائینگے
وہ یَمِیْلُوْنَ خواہش کرینگے وہ یَمْشِیْ چلتا ہے وہ یَمْشُوْنَ
چلتے ہین وہ یَمّ دریا اور دریا مین ڈالنا اور قصد کرنا یَمُوْجُ بہتا ہے
اور حرکت کرتا ہے وہ یَمِیْزُ جدا کرتا ہی وہ یُمَحِّصُ خالص کرتا ہی اور آزماتا ہے

فصل الیاء مع النون

ی ان

یَنْعِقُ آواز کرتا ہے اور چلّاتا ہے وہ یُنْفِقُ خرچ کرتا ہے وہ
یُنْفِقُوْنَ خرچ کرتے ہین وہ یَنْطِقُ کہتا ہے وہ یَنْطِقُوْنَ
بولتے ہین وہ یَنْطَلِقُ چلتا ہے وہ یَنْھٰی منع کرتا ہے وہ یَنْھَوْنَ
منع کرتے ہین وہ یَنْتَھِیْ باز رہتا ہے وہ یَنْتَھُوْنَ باز رہتے ہین وہ

يَنْئَوْنَ دور ہوتے ہین وہ يَنْقُضُوْنَ توڑتے ہین وہ يَنْقَضُّ گرتا
ہے وہ يَنْقُصُ کم ہوتا ہے وہ يَنْقُصُوْا کم کرتے ہین وہ يَنْصُرُ مدد
کرتا ہے وہ يَنْصُرُوْنَ مدد کرتے ہین وہ يُنْصَرُوْنَ مدد کیے
جائین گے وہ يَنْتَصِرُوْنَ داد چاہتے ہین اور مدد مانگتے ہین وہ
يُنْفَوْا دور کیے جاوین وہ يَنْظُرُ دیکھتا ہے وہ يَنْظُرُوْنَ
دیکھتے ہین وہ يُنْظَرُوْنَ مہلت دیے جائین گے وہ يَنْتَظِرُ
انتظار کرتا ہے اور امید رکھتا ہے وہ يَنْتَظِرُوْنَ امید رکھتے
ہین وہ يَنْزِلُ اوترتا ہے وہ يُنَزِّلُ اوتارتا ہے وہ يُنْبِتُ
اگاتا ہے وہ يَنْقَلِبُ الٹتا ہے اور پلٹتا ہی وہ يَنْقَلِبُوْنَ
پھرتے ہین اور پھرینگے وہ يُنَادِيْ پکارتا ہے وہ يُنَادُوْنَ
پکارتے ہین وہ يُنَادَوْنَ پکارے جاوینگے وہ يَنْكِحُ نکاح کرتا ہی
وہ يَنْكِحْنَ نکاح کرلیوین وہ يَنْعِ پکنا اور میوہ کا مراد کو پہنچنا يَنْبُوْع
چشمہ يَنَابِيْع چشمے يُنَازِعُ جھگڑا کرتا ہے وہ يَنْبَغِيْ لائق ہے
وہ يَنْزِعُ کھینچتا ہے اور نکالتا ہی وہ يَنْزَغُ ورغلاتا ہے وہ
يَنَالُ پہنچتا ہے وہ يَنَالُوْنَ پہنچتے ہین وہ يُنْذِرُ ڈراتا ہے
يُنْذِرُوْنَ ڈراتے ہین وہ يُنْذَرُوْنَ ڈرائے جاتے ہین وہ
يَنْكُصُوْنَ پھرتے ہین اور مکر کرتے ہین وہ يَنْتَقِمُ بدلا لیتا ہے
يَنْكُثُ توڑتا ہے وہ يَنْكُثُوْنَ توڑتے ہین وہ يَنْفَدُ آخر
ہوجاتا ہے وہ يُنْقِذُوْنَ نکالتے ہین وہ يُنْقَذُوْنَ نکالے
جائین گے وہ يَنْسِلُوْنَ نکل بھاگتے ہین وہ يَنْفَضُّوْا منتشر ہوتے
ہین وہ يُنْغِضُوْنَ مٹکاتے ہین اور سر ہلاتے ہین وہ يَنْحِتُوْنَ

تراشتے ہین وہ يُنسِفُ بکھیریگا وہ يُنشِئُ پیدا کرتا ہے وہ يُنشَئُ پیدا کیا جاتا ہے اور پالا جاتا ہے وہ يَنفِرُوا بہاگین وہ يَنسىٰ بہولتا ہے وہ يُنسىٰ بہلاتا ہے وہ يَنشُرُ پراگندہ کرتا ہے وہ يَنشُرُونَ پراگندہ کرتے ہین وہ يُنِيبُ رجوع کرتا ہے وہ يَنسَخُ مٹاتا ہے وہ يُنكِرُ انکار کرتا ہے وہ يُنكِرُونَ انکار کرتے ہین وہ يُنفَخُ پہونکا جاتا ہے وہ يَنقُصُ کم کرتا ہے وہ يُنجِي بچالیوے وہ يُنجِي نجات دیتا ہے وہ يُنَبِّئُ آگاہ کرتا ہے وہ يُنَبَّأُ خبردار کیا جائیگا وہ يُنبَذُ پہینکا جائیگا يُنزَفُونَ نکالے جائینگے وہ يَنفَعُ فائدہ کرتا ہے وہ يَنفَعُونَ فائدہ دیتے ہین وہ ❊ فصل الیاء مع الواو

ی و

يُوسُفُ نام ہے ایک پیغمبر کا بیٹے یعقوب علیہ السلام کے يُونُسُ نام ہے پیغمبر کا علےٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام قصہ انکا قرآن مین مفصل مذکور ہے يُؤلُونَ ایلا کرتے ہین یعنی سوگند کہاتے ہین کہ اپنے عورت کے پاس نجائین گے معنے ایلا کے اسطرح کی سوگند کہانے کے ہین حکم اسکا شرع مین یہہ ہے کہ اگر مرد لی چار مہینے کے عرصے مین رجوع کیا اور عورت کے نزدیک گیا تو اوسکا کفارہ دینا آئیگا اور خطا حق تعالےٰ معاف کرتا ہے اور عورت اسکی حلال ہوتے ہے اور اگر باوجود قدرت رجوع کے چار مہینے کے عرصے مین رجوع نکیا اور عورت سے صحبت نہوا تو طلاق بائن ہوجاتا ہے اور عورت نکاح سے باہر ہوجاتے ہے یہہ مذہب مختار حنفیہ کا ہے اور شافعی اور مالکی اور حنبلی کے نزدیک بعد چار مہینے گذرنے کے

طلاق نہین ہوتا ہے بلکہ بعد اسکے بہی اگر کفارہ دیکر رجوع کرے تو ہو سکتا ہے
اور اگر رجوع نہ کرے تو عورت قاضے کے پاس جا کر فریاد کرے
کہ شوہر رجوع کرے یا طلاق دیوے تفصیل اسکی فقہ کی کتابون
مین مفصل بیان ہے یُوْعُوْنَ نگاہ رکہتے ہین اور جمع کرتے
ہین وہ یُوْزَعُوْنَ قید مین نگاہ رکہے جاتے ہین وہ یُوْصِیْ وصیت
کرتا ہے وہ یُوْصٰے نصیحت اور وصیت دیا جاتا ہے وہ یُوْصِیْنَ
وصیت کرتین ہین وہ یُوْمِنُ ایمان لاتا ہے وہ یُوْمِنُوْنَ ایمان
لاتے ہین وہ یُوْمِنَّ باور کرتین ہین وہ یُوْقِنُوْنَ یقین کرتے
ہین وہ یُوْصَلُ ملایا جاتا ہے وہ یُوْخَذُ لیا جاتا ہے وہ
یُوَاخِذُ گرفت کرتا ہے وہ یُوْتِی دیتا ہے وہ اور کبہی
یُوْتِ بحذف الیا بہی آیا ہے یُوْتُوْنَ دیتے ہین وہ یُوْتٰی
دیا جاتا ہے وہ یُوْتُوْنَ دیئے جاتے ہین وہ یُوَفِّی
پورا دیتا ہے وہ یُوَفّٰی تمام دیا جاتا ہے اور دیا جائیگا وہ
یُوَفَّوْنَ پورا دیئے جائین گے وہ یُوَدِّ ادا کرتا ہے اور حق
پہنچاتا ہے وہ ی آخر سے گر گئی یُوَدُّ دوست رکہتا ہے وہ
یُوَدُّوْنَ دوست رکہتے ہین وہ یُوَادُّوْنَ باہم دوستی رکہتے
ہین وہ یُوَفِّقُ موافقت کرتا ہے اور کریگا وہ یُوْحٰی پیغام
بہیجتا ہے وہ یُوْحُوْنَ پیغام بہیجتے ہین اور پہنچاتے ہین وہ یُوْحٰی
یُوْحَ وحی کیا جاتا ہے وہ ی آخر سے گر گئی یُوْفُوْنَ پورا کرتے ہین وہ
یُوَارِی چہپاتا ہے وہ یُوَلِّ پیٹہ پہیرتا ہے وہ ی آخر سے گر گئی یُوَلُّوْنَ
پیٹہ پہیرتے ہین وہ یُوْعَظُ نصیحت دیا جاتا ہے وہ یُوْعَظُوْنَ نصیحت دئیے جاتے ہین

یُؤْفَکُ پہیرا جاتا ہے وہ یُؤْفَکُوْنَ پہیرے جائیں گے وہ یُوَاطِئُوا
برابر اور پورا کرینگے وہ نون اعرابی گر گیا یُوْلِجُ داخل کرتا ہے وہ
یُؤَخِّرُ دیر کرتا ہے وہ یُوْقِدُوْنَ دہو نکتے ہین اور آگ روشن کرتی
ہین وہ یُوْقَدُ سلگا یا جاتا ہے وہ یُوَجِّہُ مُنہ کرتا ہے وہ یُوْلَدُ
جنا جاتا ہے وہ یُوَسْوِسُ خطرہ ڈالتا ہے اور خدشہ کرتا ہے وہ
یُوْقَ بچایا گیا وہ یُؤَلِّفُ ملاتا ہے وہ یُؤْمَرُوْنَ حکم کئے
جا ئینگے وہ یُؤْذَنُ پروانگی دیا جائیگا وہ یُؤْذِی ستاتا ہے وہ
یُؤْذُوْنَ ستاتے ہین وہ یُؤْذَیْنَ ستائی جاتی ہین وہ یُؤْثَرُ
نقل کیا جاتا ہے وہ یُؤْثِرُوْنَ اختیار کرتے ہین وہ یُوْعَدُوْنَ وعدہ
دیئے جاتے ہین وہ یُوْفِضُوْنَ دوڑتے ہین وہ یُوْبِقُ ہلاک کرتا ہے
یُوْثِقُ مضبوط کرتا ہے وہ اور محکم باندہتا ہے وہ یُوْقِعُ ڈالتا ہے وہ
یُوْرِثُ وارث کرتا ہی وہ یُوْرَثُ میراث لیجاتی ہی یَوْمٌ دن اور یَوْمَئِذٍ اُسدن اسکان
یَوْمَیْنِ دو دن

❊ فصل الیاء مع الہاء ❊

یَہْدِیْ راہ بتاتا ہے وہ اور یَہْدِ بہی آیا ہے یَہْدُوْنَ راہ بتاتی
ہین وہ یُہْدٰی راہ بتلایا جاتا ہے وہ یَہْتَدِیْ راہ پاتا ہے وہ
اصل مین یَہْتَدِیْ باب افتعال سے تہا تاکو دال سے بدل کرکے
ادغام کیا اور ہے کو بسبب اجتماع ساکنین کے کسرہ دیا یَہِدِّیْ
ہوا یَہْتَدُوْنَ راہ پاتی ہین وہ یَہْبِطُ گرتا ہے اور اُترتا ہے وہ
یَہْلِکُ تباہ ہوتا ہے وہ یُہْلِکُ نیست کرتا ہے وہ یُہْلِکُوْنَ
خراب کرتی ہین وہ یُہْلَکُ ہلاک کیا جائیگا وہ یُہَیِّئُ تیار کرتا ہے
یُہِیْنُ ذلیل کرتا ہے وہ یَہِیْجُ درمیان سے گر گئی یَہِیْجُ خشک ہوتا ہے

ی وہ

اور تیار ہوتا ہے ۵ وہ یُهْزَمُ شکست دیا جائیگا وہ یُهْرَعُوْنَ دوڑائی جائینگے وہ یَعْمَهُوْنَ سرگشتہ ہوتے ہین اور بے راہ چلتے ہین وہ یَهْجَعُوْنَ سوتے ہین وہ یُهَاجِرُ وطن چھوڑے ہے وہ یُهَاجِرُوْا ہجرت کرین وہ یَهَبُ بخشتا ہی وہ یَهُوْدِیٌّ جہود جمع یَهُوْد جہود ہے

فصل الیاء مع الیاء

یَیْئَسُ ناامید ہوتا ہے اور آس توڑتا ہے وہ اے اللہ تو ہمکو اپنے فضل کا امیدوار رکھہ اور اپنے رحمت سے ناامید مت کر اِنَّہٗ لَا یَیْئَسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ

تمت

خاتمۃ الطبع

یہہ کتاب مستطاب موسوم بہ تیسیر القرآن فی تخریج لغات القرآن بعلم اُردو خوان محض ترجمہ پڑہنے والونکے لئے عجیب اسم باسمے کتاب ہے اسکے مطالعہ کرنے سے قرآن مجید کی لغات کی معرفت سہل و آسان ہو جاتی ہے حقیقت معانی صورت دکھاتی ہے اسیوجہ سی عالیجناب

مستغنی عن الالقاب در دمند اہل ایمان حضرت مولٰنا منشی محمد جمال الدینخان صاحب بہادر دام اجلالہم واقبالہم کہ رای ہدایت پیرائے نے اسطرف میلان فرمایا کہ یہہ اعجوبہ نادرہ منطبع ہوجائے تاہر ایک شائق شاہد معنی قرآن جمال عروس فہم الغت سے لطف تازہ اوٹہائے۔ اگرچہ یہہ کتاب پہلے اس سے اور مطابع مین دو مرتبہ قالب طبع مین آچکے تہے مگر چونکہ کسیقدر غلط منطبع ہوئے تہے اور اردو بہی اس کتاب کی خلاف روزمرہ اہل زبان تہے اور محاورہ کے موافق نہ تہے۔ اور اکثر ضمائر دن کا بہی بیان کرنا مؤلف سے اسمین رہگیا تہا اور یہہ کتاب اب کمیاب بہی ہتی اسلئے بعد تنقیح صحت و درستی محاورات واظہار ضمائر بایماے جناب محتشم الیہ کے مطبع فاروقی دہلی مین باہتمام بندۂ محمد معظم کے مطبوع طبایع انام ہوئے

قطعہ تاریخ طبع ہٰذا جناب فیضمآب مولانا محمد غلام اکبر خانصاحب مسلم مدظلہم

مطبع فاروقی دہلی مین تیسیر القرآن بے سراعراض دل یہہ مصرع متوون لکھو		چہپ چکا جبدم تو سال طبعہ یون مین نے لکہا نسخہ حل معانی قرآن اچہا چہپا ۱۲۹۵

ایضاً

جبکہ یہہ نسخہ عجب مطبع فاروقی مین پڑہ دو یہہ طبع کی تاریخ مین مصرع مسلم		ہوا مطبوع تو سطرح یہ سال لکہا در شہوار معانی قرآن کیا ہے چہپا ۱۲۹۵

تمت

هر که خواند دعا طمع دارم ❖
زانکه من بندهٔ گنه گارم ❖